آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

MEMBER OF APNS & CPNE

جلد نمبر 32 | بروز منگل 05 جنوری 2021ء بمطابق 20 جمادی الاول 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 05

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	6:00
ظہر	1:45
عصر	4:00
مغرب	5:40
عشاء	07:00

اہل تشیع

فجر صبح	05:45
ظہرین	12:30
مغربین	6:15

ملک اور صوبے کے معاشی نظام میں تاجروں اور صنعتکاروں کا کلیدی کردار ہے، گورنر بلوچستان

صنعت وتجارت سے وابستہ افراد معاشی اور تجارتی سرگرمیوں کو فروغ دینے، مثبت قومی تشخص کو اجاگر کرنے اور مقامی لوگوں کو روزگار کے وسیع مواقع فراہم کر سکتے ہیں

کوروناوائرس کی وجہ سے کاروباری اور تجارتی مراکز کی بندش سے زندگی کے تمام شعبے بالخصوص تاجر برادری بہت متاثر ہوچکی ہے

موجودہ حکومت بین الاقوامی اور قومی سرمایہ کاروں کو سرمایہ کاری کیلئے تمام ضروری سہولیات اور مکمل تحفظ فراہم کرنے کی سنجیدہ کاوشیں کر رہی ہے'امان اللہ خان یاسین زئی

کوئٹہ (ق ن) گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی نے کہا ہے کہ ملک اور صوبے میں معاشی نظام کو مزید مستحکم بنانے میں تاجروں اور صنعتکاروں کا کلیدی کردار ہے صنعت وتجارت سے وابستہ افراد معاشی اور تجارتی سرگرمیوں کو فروغ دینے، مثبت قومی تشخص کو اجاگر کرنے اور مقامی لوگوں کو روزگار کے وسیع مواقع فراہم کر سکتے ہیں، گورنر یاسین زئی نے کہا کہ موجودہ حکومت بین الاقوامی اور قومی سرمایہ کاروں کو سرمایہ کاری کیلئے تمام ضروری سہولیات اور مکمل تحفظ فراہم کرنے کی سنجیدہ کاوشیں کر رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سوموار کے روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں آل پاکستان انجمن

بقیہ نمبر1 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وفاقی وزیر دفاع پرویز خٹک وزیراعظم عمران خان سے ملاقات کر رہے ہیں

بھارت پاکستان کے اندر دہشتگردی کی پشت پناہی کر رہا ہے، وزیر خارجہ

پچھلی کئی دہائیوں سے پنجاب میں کس کی حکومت تھی؟ کس کے دور میں غیر منصفانہ طور پر جنوبی پنجاب کے فنڈز کہیں اور خرچ کیے گئے؟ حکومت نے جنوبی پنجاب کیلئے خصوصی فنڈز مختص کیے گئے جو جنوبی پنجاب کی تعمیر وترقی پر خرچ ہونگے

اپوزیشن کو معلوم ہونا چاہیے'اسٹیبلشمنٹ، ہمیشہ آئین اور قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے ریاست کے مفادات کا تحفظ کرتی ہے، مسئلہ کشمیر کو ہم ہر فورم پر اٹھا رہے ہیں اور اٹھاتے رہیں گے

پی ڈی ایم کا شوشا پاور نہیں تھی، جنوبی پنجاب کو محروم کس نے رکھا؟، اقوام متحدہ کمیشن آف انکوائری کے ذریعے زمینی حقائق کے حوالے سے شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کروائی جائیں، شاہ محمود قریشی کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم کا شوشا پاور نہیں تھی، جنوبی پنجاب کو محروم کس نے رکھا؟ پچھلی کئی دہائیوں سے پنجاب میں کس کی حکومت تھی؟ کس کے دور میں غیر منصفانہ طور پر جنوبی پنجاب کے فنڈز کہیں اور خرچ کیے گئے؟ حکومت نے جنوبی پنجاب کیلئے خصوصی فنڈز مختص کیے گئے جو جنوبی پنجاب کی تعمیر وترقی پر خرچ ہونگے، اپوزیشن کو معلوم ہونا چاہیے بھارت، پاکستان کے اندر دہشتگردی کی پشت پناہی کر رہا ہے'اسٹیبلشمنٹ، ہمیشہ آئین اور قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے ریاست کے مفادات کا تحفظ کرتی ہے، مسئلہ کشمیر کو ہم ہر فورم پر اٹھا رہے ہیں اور اٹھاتے رہیں گے اور انشاء اللہ حق خودارادیت کی تحریک کامیابی سے ضرور ہمکنار ہوگی، اقوام متحدہ کمیشن آف انکوائری

بقیہ نمبر2 صفحہ 3 پر

سانحہ مچھ کے متاثرہ خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں، یار محمد رند

مچھ میرا حلقہ انتخاب ہزارہ برادری سے تعلق ووٹ کی حد تک نہیں ہم بھائی چارے ایک دوسرے کے غم اور خوشی میں شریک ہوتے رہے ہیں صوبائی وزیر تعلیم

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کے پارلیمانی سربراہ صوبائی وزیر تعلیم بلوچستان سردار یار محمد رند نے سانحہ مچھ پر جے آئی ٹی بنانے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچ پشتون معاشرے میں ایسے مظالم کی قطعاً اجازت نہیں، مچھ میرا حلقہ انتخاب ہزارہ برادری

بقیہ نمبر3 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد ہنگامی دورے پر کوئٹہ پہنچ گئے سیکورٹی کے حوالے سے اعلیٰ سطح اجلاس کی صدارت کی

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد ہنگامی دورے پر کوئٹہ پہنچ گئے سیکورٹی کے حوالے سے اعلیٰ

بقیہ نمبر29 صفحہ 3 پر

ژوب ایکسائز اینٹی نارکوٹکس کی کارروائی 9 کلو 195 گرام چرس اور ایک موٹر سائیکل برآمد

ژوب (این این آئی) ژوب ایکسائز ٹیکسیشن اینڈ انٹی نارکوٹکس آفیسر شیخ جہانگیر شاہ کی خصوصی ہدایت

بقیہ نمبر28 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں کورونا وائرس کے 7 نئے کیس رپورٹ ہونے کے بعد اب تک متاثرہ افراد کی تعداد 18254 ہوگئی جبکہ 17829 صحت یاب

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں کورونا وائرس کے 7 نئے کیس رپورٹ ہونے کے بعد اب تک متاثرہ

بقیہ نمبر31 صفحہ 3 پر

بیلہ اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے

کوئٹہ (این این آئی) بیلہ اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔ ریکٹر بلوچستان کے ضلع لسبیلہ

بقیہ نمبر30 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

وفاقی وزیر زبیدہ جلال سے یو اے ای کے سفیر کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر زبیدہ جلال سے یو اے ای کے سفیر نے ملاقات کی جس میں دوطرفہ

بقیہ نمبر33 صفحہ 3 پر

آرمی چیف سے امریکی نمائندہ خصوصی زلمے خلیل زاد کی ملاقات، افغان امن عمل پر تبادلہ خیال

راولپنڈی (این این آئی) آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ سے امریکی نمائندہ خصوصی زلمے خلیل زاد

بقیہ نمبر32 صفحہ 3 پر

نجکاری کمیشن تمام اداروں کے نجکاری اور انتظامی معاہدوں کو تیز کرے، ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خزانہ ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ نے ہدایت کی ہے کہ نجکاری کمیشن تمام

بقیہ نمبر35 صفحہ 3 پر

وزیر داخلہ شیخ رشید احمد ہنگامی دورے پر کوئٹہ پہنچ گئے سیکورٹی کے حوالے سے اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد ہنگامی دورے پر کوئٹہ پہنچ گئے سیکورٹی کے حوالے سے اعلیٰ

بقیہ نمبر34 صفحہ 3 پر

سردار اختر جان مینگل نے وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال کو پوپٹ قرار دے دیا

ہزارہ کمیونٹی کے ساتھ کوورڈلویاں کرنا مشکل ہے مجرموں کے خلاف متحد ہونے کی ضرورت ہے، ہزارہ نسل کشی بند ہونی چاہیے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل نے وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال کو پوپٹ قرار دے دیا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں سردار اختر جان مینگل نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کے مچھ کوکاپٹی سے متعلق بیان پر رد

بقیہ نمبر11 صفحہ 3 پر

سردار اختر مینگل نے تقریروں سے جوانوں کو ورغلا کر پہاڑوں پر بھیجا، وزیر اعلیٰ بلوچستان

10 سال جب آپ نے بلوچستان کے جوانوں کو اپنی تقریروں سے ورغلا کر پہاڑوں کی طرف بھیجا' جام کمال خان

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ سردار اختر مینگل نے تقریروں سے جوانوں کو ورغلا کر پہاڑوں پر بھیجا، ساحل وسائل، بلوچیت وقومیت کے دعویدار سارو دادہ میں کسی بلوچ کو اپنی شکارگاہ میں قدم رکھنے نہیں دیتا اور باتیں

بقیہ نمبر10 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی پاکستان ریڈ کریسنٹ سوسائٹی بلوچستان کے سالانہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان کے علاقے مچھ میں دس کان کنوں کے قتل کا مقدمہ 35 گھنٹے کے بعد سی ٹی ڈی تھانہ نصیر آباد میں ایس ایچ او مچھ تھانے کی مدعیت میں درج کرایا گیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے علاقے مچھ میں دس کان کنوں کے قتل کا مقدمہ 35 گھنٹے کے بعد سی ٹی ڈی تھانہ نصیر آباد میں ایس ایچ او مچھ تھانے کی مدعیت میں درج کرا لیا گیا۔ سی ٹی ڈی حکام کے مطابق ضلع بولان کے علاقے مچھ کی کوئلہ کان فیلڈ پر دس کان کنوں کے لرزہ خیز قتل کا سی ٹی ڈی تھانہ نصیر آباد میں ایس ایچ او

بقیہ نمبر14 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وفاقی وزیر زبیدہ جلال سے یو اے ای کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

دنیا بھر میں قرآن مجید سے ہر کلمہ گو کو خصوصی محبت اور عقیدت ہے' امان اللہ خان یاسین زئی

کوئٹہ (ق ن) گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی نے کہا ہے کہ دنیا بھر میں قرآن مجید سے ہر کلمہ گو کو خصوصی محبت اور عقیدت ہے۔ قرآن پاک کے نسخے کو پیر امتیاز حیدر نے اپنے ہاتھ سے ایک سال کے عرصے میں لکھا جو لائق تحسین ہے۔ یہ بات انہوں نے سوموار کے روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں فیصل آباد کے پیر امتیاز

بقیہ نمبر13 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم تحریک کا کوئی مستقبل نہیں' سرفراز بگٹی

بلوچستان میں حالیہ دہشتگردی کی لہر پاکستان دشمنوں اور اس کے آلہ کاروں کی سازش کا حصہ ہیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال کی حکومت اپنی مدت بغیر کسی رکاوٹ کے پوری کرے گی، سینیٹر

ڈیرہ بگٹی (آن لائن) سابق وزیر داخلہ بلوچستان سینیٹر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم تحریک کا کوئی مستقبل نہیں، وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال کی حکومت اپنی مدت بغیر کسی رکاوٹ کے پوری کرے گی، یہ بات چیت انہوں نے گزشتہ روز پاکستان ہاؤس سوئی میں مقامی صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو کے دوران کی سینیٹر میر سرفراز بگٹی نے سوالوں کے جوابات دیتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں حالیہ دہشتگردی کی لہر پاکستان دشمنوں اور اس کے آلہ کاروں کی سازش کا حصہ ہیں مگر ملک دشمن

بقیہ نمبر12 صفحہ 3 پر

حق خودارادیت انسانی احترام کا بنیادی جزو ہے، عارف علوی

عالمی برادری کو بھارتی غیر قانونی مقبوضہ جموں وکشمیر کے مظلوم عوام کے حوالے سے اپنی یقین دہانیوں اور ذمہ داریوں کو پورا کرنا چاہیے

پاکستان کشمیریوں کی اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق حق خودارادیت کے حصول کی جدوجہد کی ہر ممکن حمایت جاری رکھے گا، صدر مملکت کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کہا ہے کہ حق خودارادیت انسانی احترام کا بنیادی جزو ہے، عالمی برادری کو بھارتی غیر قانونی مقبوضہ جموں وکشمیر کے مظلوم عوام کے حوالے سے اپنی یقین دہانیوں اور ذمہ داریوں کو پورا کرنا چاہیے، پاکستان کشمیریوں کی اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق حق خودارادیت کے حصول کی جدوجہد کی ہر ممکن حمایت جاری رکھے گا۔ کشمیریوں کے یوم حق خودارادیت کے موقع پر اپنے پیغام میں صدر مملکت نے کہا کہ ہر سال 5 جنوری کو جموں وکشمیر کے لوگوں کے لئے یوم حق خودارادیت کے طور پر منایا جاتا ہے، یہ دن

بقیہ نمبر4 صفحہ 3 پر

11 معصوم جانوں کا قتل، وطن دشمنوں کا ہمارے اتحاد وروایات پر کاری وار ہے' ظہور احمد بلیدی

غیب کا علم اللہ کے سوا کسی کو نہیں کہ پہلے سے معلوم ہو سکے کہ حادثہ ہونے والا ہے' صوبائی وزیر خزانہ

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر خزانہ میر ظہور احمد بلیدی نے کہا ہے کہ 11 معصوم جانوں کا قتل، وطن دشمنوں کا ہمارے اتحاد وروایات پر کاری وار ہے۔ غیب کا علم اللہ کے سوا کسی کو نہیں سیاست بجائے عوام مینگل صاحب سے کچھ بہتر سیاست کی توقع کرتے ہیں۔ ان

بقیہ نمبر15 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے پر امن ماحول کو برقرار رکھنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، اسد بلوچ

کسی بھی ظلم اور زیادتی پر خاموش نہیں رہا اور نہ ہی ایسے وحشیانہ اقدامات پر اُن انہیں تنہا چھوڑیں گے

بی این پی عوامی کی قیادت کے ساتھ کارکنوں پر بھی بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے' بی این پی (عوامی)

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی (عوامی) کے مرکزی سیکرٹری جنرل صوبائی وزیر واجہ میر اسد اللہ بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے پرامن ماحول اور حالات کو خراب کرنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی مچھ کے مقام پر ہزارہ برادری سے تعلق رکھنے والے مزدور نوجوانوں پر وحشیانہ عمل کا شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ایسے اقدامات دراصل بلوچستان کے پرامن حالات کو خراب کرنے کی ناکام کوششوں کا حصہ ہے جسے کسی صورت برداشت نہیں کر سکتے اور نہ ہی ایسے وحشیانہ اقدامات سے بلوچستان کے پرامن ماحول کو خراب کرنے کی اجازت دی جا سکتی ہے۔ بلوچستان ہم سب کا مشترکہ گھر ہے یہاں پر آباد تمام اقوام عزت واحترام کے ساتھ باہمی رشتوں سے منسلک صدیوں سے غم اور خوشی سے مشترکہ زندگی بسر کر رہے ہیں۔ انہیں ایسے انسانیت سوز واقعات سے کسی صورت علیحدہ نہیں کیا جا سکتا ہے۔ بی این پی عوامی ایک سیاسی وجمہوری جماعت کی حیثیت سے بلوچستان میں

بقیہ نمبر6 صفحہ 3 پر

وفاقی حکومت کا صوبوں کے مشاورت کے بعد 18 جنوری سے مرحلہ وار تعلیمی ادارے کھولنے کا اعلان

تعلیمی ادارے اوارے کرنے کا اثر پڑا اور دوسری لہر میں کچھ ٹھہراؤ دیکھنے میں آیا، ڈاکٹر فیصل سلطان کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر تعلیم شفقت محمود نے 18 جنوری سے مرحلہ وار تعلیمی ادارے کھولنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ نویں سے 12 ویں جماعت تک تعلیمی اداروں کو 18 جنوری سے کھول دیا جائیگا، 18 جنوری سے 12 ویں کی وہ جماعتیں جن کا امتحان ہونا ہے، وہ شروع ہو جائیں گی اور ان جماعتوں کے طالبعلم اپنے اسکول اور کالجز میں جائیں گے اور پڑھائی شروع ہو جائے گی، 25 جنوری سے پرائمری سے 8 ویں تک باقی طالبعلم اسکول آنا شروع کریں گے، یکم فروری کو یونیورسٹی، کالجز سمیت ہائر ایجوکیشن کے ادارے کھول دیئے جائیں گے۔ پیر کو وفاقی وزیر اسد عمر

بقیہ نمبر16 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں دہشتگردی میں بھارت کا ہاتھ ہے، بشریٰ رند

ہماری تمام تر ہمدردیاں ہزارہ کمیونٹی کیساتھ ہیں، وزیر اعلیٰ جام کمال کی ہدایت پر اس واقع کی تحقیقات جاری ہیں شرپسند عناصر کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا

حکومت وزیر اعلیٰ جام کمال کی قیادت میں صوبے میں تعمیر وترقی، سیاحت کے فروغ سمیت انقلابی اقدامات کر رہی ہے، پی ڈی ایم ملک میں افراتفری چاہتی ہے، پریس کانفرنس

اسلام آباد/کوئٹہ (این این آئی) پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات بلوچستان بشریٰ رند نے مچھ میں دہشتگردی واقعہ کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں دہشتگردی میں بھارت کا ہاتھ ہے، ہماری تمام تر ہمدردیاں ہزارہ کمیونٹی کیساتھ ہیں، وزیر اعلیٰ جام کمال کی ہدایت پر اس واقع کی تحقیقات جاری ہیں شرپسند عناصر کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا، حکومت وزیر اعلیٰ جام کمال کی قیادت میں صوبے میں تعمیر وترقی، سیاحت کے فروغ سمیت انقلابی اقدامات کر رہی ہے، پی ڈی ایم ملک میں افراتفری چاہتی ہے، قوم نے پی ڈی ایم کے بیانیے کو مسترد کر دیا۔ پیر کو پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات بلوچستان بشریٰ رند نے اسلام آباد پریس کلب میں پر ہجوم پریس کانفرنس سے خطاب میں گزشتہ روز مچھ بولان میں ہونے والی دہشتگردی کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ملک دشمن عناصر بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال خراب کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں اس طرح کی تمام

بقیہ نمبر5 صفحہ 3 پر

جسٹس جمال خان مندوخیل نے احتساب عدالتوں میں زیر سماعت کیسوں کو نمٹانے میں تاخیر پر شدید برہمی

احتساب عدالتوں کے ججوں کو کیسوں کی آئینی اور قانونی تقاضوں کے مطابق بروقت تکمیل یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے

کیسوں کی سماعت اور عدالتوں کی کارکردگی کا جائزہ لیا اور ڈائریکٹر جنرل نیب کو بھی طلب کیا

کوئٹہ (ق ن) چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جناب جسٹس جمال خان مندوخیل نے احتساب عدالتوں میں زیر سماعت کیسوں کو نمٹانے میں تاخیر پر شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے احتساب عدالتوں کے ججوں کو کیسوں کی آئینی اور قانونی تقاضوں کے مطابق بروقت تکمیل یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے چیف جسٹس نے پیر کے روز ہائی کورٹ کے جج جسٹس نذیر احمد لانگو کے ہمراہ احتساب عدالتوں کا اچانک دورہ کر کے کیسوں کی سماعت اور عدالتوں کی کارکردگی کا جائزہ

بقیہ نمبر20 صفحہ 3 پر

سبی پولیس کی کارروائی موٹر سائیکل سمیت آٹھ کلو چرس برآمد

سبی (این این آئی) ڈی آئی جی پولیس سید فدا حسین شاہ اور ایس ایس پی ملک فیض فاروق لہڑی کے ہدایت پر منشیات اور جرائم پیشہ افراد کے خلاف کارروائی، صدر پولیس نے دوران کارروائی قومی شاہراہ پر ایک موٹر سائیکل سے آٹھ کلو چرس برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا ہے، گرفتار ملزم سے تفتیش جاری ہے تفصیلات کے مطابق

بقیہ نمبر19 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے مواصلات مراد سعید موٹر ویز اور ہائی ویز پولیس کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے

دالبندین پولیس کا کریک ڈاؤن متعدد گاڑیوں کے کالے شیشے اتار دیئے

دالبندین (این این آئی) ایس پی چاغی کیپٹن ریٹائرڈ زوہیب محسن کے ہدایت پر پولیس کا گاڑیوں کے خلاف کریک ڈاؤن متعدد گاڑیوں کے کالے شیشے اتار دیئے گئے تفصیلات کے مطابق ایس پی چاغی کیپٹن ریٹائرڈ زوہیب محسن کے ہدایت پر ایس ایچ او دالبندین عبدالستار سالارزئی، ایڈیشنل ایس ایچ او خیر بخش

بقیہ نمبر18 صفحہ 3 پر

عمران خان نے سیاست کو تماشا بنا دیا ہے' ملک سمندر خان کاسی ایڈووکیٹ

اسٹیبلشمنٹ کی سازش کے علاوہ اور کچھ نہیں پاکستان میں آج تک کی سیاسی حکومت کو اقتدار نہیں

ملا صرف عوام کو مصائب ومشکلات اور مسائل میں مبتلا کر کے حکمرانی دی ہے' پشتون افغان ڈیموکریٹک پارٹی

کوئٹہ/کراچی (آن لائن) پشتون افغان ڈیموکریٹک پارٹی کے چیئرمین ملک سمندر خان کاسی ایڈووکیٹ نے کراچی سے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ عمران خان نے سیاست کو تماشا بنا دیا ہے اسٹیبلشمنٹ کی سازش کے علاوہ اور کچھ نہیں پاکستان میں آج تک کی سیاسی حکومت کو اقتدار نہیں ملا صرف عوام کو مصائب ومشکلات اور مسائل میں مبتلا کر کے حکمرانی دی ہے اور عمران خان نے تو حد کر دی بنی گالہ میں 300 کینال زمین ریگولائز کی اور بہنوئی کی زمین واگزار

بقیہ نمبر17 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم کے دھرنوں سے بلوچستان حکومت کو کوئی خطرہ نہیں ہے، محمد خان لہڑی

بلوچستان اور نصیر آباد ڈویژن میں ترقی کا دور شروع ہو چکا ہے اور صوبائی حکومت بلوچستان میں ترقی لانا چاہتی ہے

پی ڈی ایم خود تقسیم ہوگیا پی ڈی ایم مظاہروں میں لگا رہے لیکن حکومت اپنا کام کریگا، صوبائی مشیر برائے محنت وافرادی قوت

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) صوبائی مشیر برائے محنت وافرادی قوت حاجی محمد خان لہڑی نے کہا کہ پی ڈی ایم کے احتجاجی مظاہروں دھرنوں سے بلوچستان حکومت کو کوئی خطرہ نہیں ہے پی ڈی ایم خود تقسیم ہوگیا پی ڈی ایم مظاہروں میں لگا رہے لیکن حکومت اپنا کام کریگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے مشرق میڈیا سینٹر کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی قیادت میں بلوچستان ترقی کی راہ پر گامزن ہے بلوچستان اور نصیر آباد ڈویژن میں ترقی کا دور شروع ہو چکا ہے اور صوبائی حکومت بلوچستان میں ترقی لانا چاہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان عوامی پارٹی صوبے کے تمام لوگوں کی پارٹی ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی محنت اور کوششوں سے پارٹی عوام میں

بقیہ نمبر8 صفحہ 3 پر

عوام نے بہاولپور میں فضل الرحمن کا بیانیہ یکسر مسترد کر دیا ہے، وزیر مذہبی امور پیر نور الحق قادری

مولانا فضل الرحمن جہاد کا اعلان کر کے ملک میں دنگا فساد برپا کرنا چاہتے ہیں، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مذہبی امور پیر نور الحق قادری نے مولانا فضل الرحمن کے بہاولپور جلسے میں خطاب کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ ان کے حالیہ بیانیے کو پاکستانی عوام نے یکسر مسترد کر دیا ہے۔ وفاقی وزیر مذہبی امور نے اپنے دفتر سے جاری ایک پریس ریلیز میں کہا کہ سیکورٹی اداروں پر مسلسل اور بلا جواز تنقید اسکے ملک دشمن منصوبہ کا حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمن جہاد کا اعلان کر کے ملک میں دنگا فساد برپا کرنا چاہتے ہیں، ایسے جلسوں میں

بقیہ نمبر21 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم کا بیانیہ کچھ اور عزائم کچھ ہے، ملک دشمنوں کو سی پیک ہضم نہیں ہو رہا، منظور کاکڑ

ملک دشمنوں کو سی پیک ہضم نہیں ہو رہا، ہرنائی میں فورسز پر حملے، کریمہ بلوچ اور مچھ جیسے واقعات کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے

وفاق اور صوبائی حکومت امن وامان کے حوالے سے سنجیدہ ہے، پی ڈی ایم کا بیانیہ کچھ اور عزائم کچھ ہے' سینیٹر

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل سینیٹر منظور احمد کاکڑ نے مچھ سانحہ کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک دشمنوں کو سی پیک ہضم نہیں ہو رہا، ہرنائی میں فورسز پر حملے، کریمہ بلوچ اور مچھ جیسے واقعات کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے، وفاق اور صوبائی حکومت امن وامان کے حوالے سے سنجیدہ ہے، پی ڈی ایم کا بیانیہ کچھ اور عزائم کچھ ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایوان بالا میں اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ بلوچستان عوامی پارٹی کے سینیٹر منظور احمد کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان میں پیش آنے والا یہ پہلا واقعہ نہیں ماضی دیکھا جائے تو یہ ایک عرصے سے ہوتے آ رہے ہیں یہ حقیقتاً بہت بڑا واقعہ ہے، ہزارہ کمیونٹی ہم میں سے ہے اور ہم ان میں سے ہے، انہوں نے کہا کہ ہرنائی میں فورسز پر حملے میں 7 جوان شہید ہوئے تھے، کریمہ بلوچ

بقیہ نمبر7 صفحہ 3 پر

1973 کا آئین دے کر ذوالفقار علی بھٹو نے پاکستان کا عالمی دنیا میں وقار بلند کیا، حاجی علی مدد جتک

شہید اسلامی دنیا کو متحد کرنے والے عالم اسلام کے عظیم رہنما تھے شہید بھٹو نے جمہوریت کے لیے اپنی اور اپنی خاندان کی قربانی دی' بیان

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صدر حاجی علی مدد جتک، جنرل سیکرٹری سید اقبال شاہ سیکرٹری اطلاعات سردار سربلند جوگیزئی، نائب صدر شیخ بلال مندوخیل نے شہید ذوالفقار علی بھٹو کو انکی 91 ویں سالگرہ پر خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہید بھٹو نے جمہوریت کے لیے اپنی اور اپنی خاندان کی قربانی دی۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ 1973 کا آئین دے کر ذوالفقار علی بھٹو نے پاکستان کا عالمی دنیا

بقیہ نمبر26 صفحہ 3 پر

[illegible]

سبی (این این آئی) کرک کے قریب بی بی نا گزی کے مقام پر کام کرنے والے ویکسی ویٹر مشین کے قریب دھماکہ مشین کو جزوی نقصان پہنچا کوئی جانی نقصان نہیں ہوا واقعہ کی اطلاع ملتے ہی قانون نافذ کرنے والے ادارے جائے وقوعہ پر پہنچ گئے اور علاقے کو گھیرے میں

بقیہ نمبر25 صفحہ 3 پر

صوبے میں سنی اور شیعہ کو آپس میں لڑانے کیلئے اس طرح کی سازشیں کی جا رہی ہیں، عبید اللہ جان بابت

ہم دشمن کی ہر ناپاک سازشوں کو ناکام بنا دینگے صوبے میں امن کے قیام کیلئے ہم مشترکہ کوششوں پر یقین رکھتے ہیں، سابق صوبائی وزیر

لورالائی (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری سابق صوبائی وزیر عبید اللہ جان بابت نے بے یو آئی کے مرکزی رہنما سابق وفاقی وزیر مولانا امیر زمان نے بے یو آئی کے ضلعی امیر سابق صوبائی وزیر مولوی فیض اللہ بی اے این پی کے صوبائی سیکرٹری اطلاعات سردار سربلند جوگیزئی اے این پی کے ضلعی صدر منظور کاکڑ ایڈووکیٹ نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ مچھ میں ہزارہ برادری کے گیارہ غریب مزدوروں، کان کنوں کو بے دردی کے ساتھ قتل کرنے کی شدید

بقیہ نمبر24 صفحہ 3 پر

برقی لائنوں کی مرمت کے سلسلے میں بجلی بند رہے گی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق برقی تنصیبات اور لائنوں پر ضروری مرمت کے کاموں کے سلسلے میں 06 جنوری کو سریاب گرڈاسٹیشن کے اوتلیات بازار، اوتلا سکائی لٹ ٹاؤن فیڈروں سے صبح 11 بجے سے

بقیہ نمبر23 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے تمام اضلاع دور دراز کے علاقوں میں عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہیں' شجاعت علی کھوسہ

بلوچستان میں ڈاکٹرز کی کمی کو پورا کرنے کیلئے 1500 ڈاکٹرز ایڈ ہاک پر بھرتی کیے جا رہے ہیں' ایڈیشنل سیکرٹری صحت بلوچستان

صحبت پور (این این آئی) بلوچستان کے تمام اضلاع دور دراز کے علاقوں میں عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہیں۔ بلوچستان میں ڈاکٹرز کی کمی کو پورا کرنے کیلئے 1500 ڈاکٹرز ایڈہاک پر بھرتی کیے جا رہے ہیں۔ تمام بنیادی مراکز صحت وسول ڈسپنسریز میں ڈاکٹر تعینات کیے جائیں گے۔ تاکہ مرض کی صحیح تشخیص ہو سکے۔ اور غریب لوگوں کو صحت کی بہتر سہولیات میسر ہو سکیں۔ ان خیالات کا اظہار ایڈیشنل سیکرٹری صحت بلوچستان شجاعت علی کھوسہ

بقیہ نمبر22 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: صوبائی وزیر تعلیم سردار یار محمد رند سے صوبائی وزراء نور محمد دمڑ اور مٹھا خان کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں

صوبائی حکومت عوام کے مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہی ہے، نور محمد دمڑ

صوبائی حکومت نے ترقیاتی منصوبوں کا جال بچھایا گیا ہے یکساں بنیادوں پر کام کر رہے ہیں تاکہ پسماندگی کا خاتمہ ہو سکے

ہرنائی کوئٹہ، ہرنائی سنجاوی روڈ کی تعمیر ضلع ہرنائی سمیت مختلف اضلاع کے عوام اور کاروباری حلقے مستفید ہونگے، صوبائی وزیر حاجی

کوئٹہ (این این آئی) بی اے پی کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر پی ایچ ای، وداسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ وفاقی حکومت کی خصوصی تعاون سے صوبائی حکومت نے ترقیاتی منصوبوں کا جال بچھایا گیا ہے یکساں بنیادوں پر کام کر رہے ہیں تاکہ پسماندگی کا خاتمہ ہو سکے موجودہ صوبائی حکومت عوام کو ہر ممکن سہولیات فراہم کرنے کیلئے دن رات کوشاں ہے ہرنائی کوئٹہ، ہرنائی سنجاوی روڈ کی تعمیر وترقی کا کام پر جلد کام شروع ہوگا ہرنائی کوئٹہ، ہرنائی سنجاوی روڈ کی تعمیر سے صرف ضلع ہرنائی نہیں بلکہ مختلف اضلاع کے عوام اور کاروباری حلقے مستفید ہونگے ہر علاقے کی ترقی میں مواصلاتی نظام

بقیہ نمبر9 صفحہ 3 پر

تنظیم تعلقات عامہ جوائنٹ ایکشن کمیٹی نے مطالبات کی منظوری کے سلسلے میں آج سے 2 گھنٹے کی ٹوکن ہڑتال شروع کر دی

کوئٹہ (ق ن) تنظیم تعلقات عامہ جوائنٹ ایکشن کمیٹی نے مطالبات کی منظوری کے سلسلے میں آج سے 2 گھنٹے کی ٹوکن ہڑتال شروع کر دی۔ اس موقع پر 12 بجے سے 2 بجے کی ٹوکن ہڑتال کے دوران مطالبات کے حق میں نعرے لگائے گئے۔ ٹوکن ہڑتال اور احتجاج میں صدر آفیسرز ویلفیئر ایسوسی ایشن وقاص شاہین، جنرل

بقیہ نمبر27 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وفاقی وزیر انسانی حقوق شیریں مزاری پریس کانفرنس کر رہی ہیں

روزنامہ Daily SHAL شال کوئٹہ
www.dailyshal.pk

اداریہ EDITORIAL

لکھنے کے خواہشمند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین و خبریں shalquetta@gmail.com

05 جنوری 2021ء

پراسیکیوشن کے عمل میں سست روی اور تاخیر

چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جناب جسٹس جمال خان مندوخیل نے احتساب عدالتوں میں زیر سماعت کیسوں کو نمٹانے میں تاخیر پر شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے احتساب عدالتوں کے ججوں کو کیسوں کی آئینی اور قانونی تقاضوں کے مطابق بروقت تکمیل یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے چیف جسٹس نے پیر کے روز ہائی کورٹ کے جج جسٹس نذیر احمد لانگو کے ہمراہ احتساب عدالتوں کا اچانک دورہ کر کے کیسوں کی سماعت اور عدالتوں کی کارکردگی کا جائزہ لیا اور ڈائریکٹر جنرل نیب کو بھی طلب کیا جبکہ نیب کے پراسیکیوٹر بھی اس موقع پر موجود تھے چیف جسٹس نے پراسیکیوشن کے عمل میں سست روی اور کیسوں کی سماعت میں غیر ضروری تاخیر پر عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے احتساب عدالتوں کے ججوں کو اپنی کارکردگی میں اضافہ کرنے ڈی جی نیب اور نیب پراسیکیوٹر کو پراسیکیوشن کے عمل کو مزید بہتر بنانے اور گواہوں کو بروقت عدالت میں پیش کرنے کی ہدایت کی جبکہ انہوں نے وکلاء پر زور دیا کہ وہ زیر سماعت کیسوں کو تیز رفتاری سے نمٹانے میں تعاون کریں چیف جسٹس نے کہا کہ انصاف کی فوری فراہمی اور بدعنوانی کے خاتمے کے ہدف کے حصول کے لئے احتساب عدالتوں میں زیر سماعت کیسوں کی بروقت تکمیل اشد ضروری ہے کیسوں کو نمٹانے کے عمل میں غیر ضروری تاخیر سے نہ صرف انصاف کی فراہمی کا عمل متاثر ہوتا ہے بلکہ ملزمان کو بھی ذہنی کوفت کا سامنا کرنا پڑتا ہے لہٰذا جج وکلاء اور نیب اس ضمن میں اپنے اپنے فرائض کی احسن طریقے سے ادائیگی یقینی بنائیں۔

دارالخلافہ میں پولیس گردی، بڑا سانحہ

نسیم شاہد

عمران خان اقتدار میں آنے سے پہلے پنجاب پولیس کو ملک کی ظالم ترین پولیس کہتے اور اُسے سیدھا کرنے کا عزم ظاہر کرتے تھے، پنجاب پولیس تو جو آئی چیز بدلنے کے باوجود ٹھیک نہ ہوئی اُلٹا اسلام آباد پولیس پر پنجاب پولیس کا رنگ چڑھ گیا۔ ایک بائیس سالہ بے گناہ نوجوان کو 17 گولیاں مارنے والی پولیس، پنجاب پولیس سے بھی زیادہ روایتی اور جھوٹی ثابت ہوئی کہ اس صریحاً قتل کو کوئی معانی پہناتی رہی اسے پولیس مقابلہ قرار دیا، پھر کہا صرف دو گولیاں چلائیں، پوسٹ مارٹم اور گاڑی کی حالت نے سب جھوٹ آشکار کر دیئے تو مجبوراً قتل اور دہشت گردی کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کرنا پڑا۔ وزیر داخلہ شیخ رشید احمد شام تک کہیں غائب رہے، البتہ رات آٹھ بجے وہ اے آر وائی کے ایک پروگرام میں بطور مہمان موجود تھے، زمانے بھر کی سیاسی باتیں کرتے رہے، مگر اس سنگین واقعہ پر کچھ نہ کہہ سکے، اُدھر بدنصیب نوجوان اسامہ ستی کے ورثا اُس کی لاش سری نگر ہائی وے پر رکھ کر بیٹھے رہے کہ کوئی حکومتی وزیر یا مشیر آ کر انہیں انصاف دلانے کی کم از کم تسلی ہی دیدے، مگر اسد عمر آئے جن کا یہ حلقہ ہے اور نہ شیخ رشید احمد نے یہاں کا رخ کیا، جن کی وزارت کے ایک ذیلی ادارے نے یہ خون ناحق بہایا۔ شام تک ٹی وی چینلز دہائی دے رہے تھے کہ مریم نواز یا مولانا فضل الرحمن کی ہر بات کا جواب دینے کے لئے ٹی وی چینلوں کو کال کرنے والے شیخ رشید گم ہیں اور اس سانحے پر اپنا کوئی ردعمل نہیں دے رہے۔ جب تنقید بہت بڑھی تو رات گئے اُن کی طرف سے یہ بیان سامنے آیا کہ اس واقعہ کے ذمہ داروں کو کڑی سزا دیں گے۔ یہ بھی کہا گیا کہ وزیر داخلہ کے حکم سے مقدمہ درج کر لیا گیا ہے، حالانکہ مقدمہ میڈیا کے دباؤ پر پولیس نے پہلے ہی درج کر لیا تھا اور وزیر داخلہ کو شاید اس کی خبر بھی نہیں تھی۔ اپوزیشن کے رہنما اور ترجمان کہہ رہے تھے کہ شیخ رشید احمد جس وزارت میں جاتے ہیں جانوں کا ضیاع ضرور ہوتا ہے، جب وہ ریلوے وزیر تھے تو ریکارڈ حادثات ہوئے اور سینکڑوں جانیں ضائع ہوئیں، اب اسلام آباد میں ایک نوجوان کو بربریت کا مظاہرہ کرتے ہوئے مار دیا گیا۔ حقیقت یہی ہے کہ شیخ رشید احمد کے پاس سیاست کے سوا اور کسی کام کے لئے وقت نہیں، اُن کی ہر صبح اپوزیشن پر تنقید سے شروع ہو کر شام اُسی پر ختم ہوتی ہے۔

اسلام آباد کے اس اندوہناک واقعہ نے یقیناً اسلام آباد کے شہریوں کو خوف و ہراس میں مبتلا کر دیا ہو گا۔ پولیس کسی کونے کھدرے سے مقتول کے خلاف دو سال پہلے کی ایف آئی آر نکال لائی ہے، جو معمولی نوعیت کی ہیں، ایف آئی آروں کا موجودہ اسٹیٹس کیا ہے، اس بارے میں کچھ نہیں بتایا۔ پھر اس سے کہاں یہ جواز نکلتا ہے کہ ایک نوجوان کو گولیوں سے بھون دیا جائے۔ اسلام آباد پولیس نے اس واقعہ کے بعد سے اب تک جو کیا ہے، اُس سے نہیں لگتا کہ مقتول اسامہ ستی کے والدین کو انصاف ملے گا۔ یہ پولیس والے کتنے شقی القلب ہو جاتے ہیں، اپنے پیٹی بھائیوں کو بچانے کے لئے آئی جی سے لے کر نچلے تک سب کی یہی کوشش کیوں ہوتی ہے کہ قتل کو جائز ثابت کیا جائے۔ یہ چیز ہم نے سانحہ ماڈل ٹاؤن میں بھی دیکھی، سانحہ ساہیوال میں بھی نظر آئی اور اب یہ اسلام آباد کا واقعہ بھی اسی پولیس گردی کی نذر ہوتا دکھائی دے رہا ہے۔ گاڑی کی ونڈ سکرین پر بے دردی سے چلائی گئی گولیوں کے نشان ہیں، پولیس تو گاڑی کا پیچھا کر رہی تھی، پھر یہ سامنے سے گولیاں کیسے ماریں۔

اس کا واضح مطلب یہ ہے کہ گاڑی رک چکی تھی اور نوجوان کو باہر نکالنے کی بجائے اُسے وہیں گولیوں سے بھون دیا گیا، کیوں؟ کس لئے؟ یہ کیسی انسداد دہشت گردی فورس ہے جو ایک نہتے نوجوان کو رکی ہوئی گاڑی سے زندہ نہیں پکڑ سکی؟ کیوں اُسے اکیلے اور نہتا ہونے کے باوجود اس بے دردی سے مار دیا۔ مقتول کے والد نے ایف آئی آر میں یہ سنگین الزام لگایا ہے کہ ایک روز پہلے مقتول کا انہی اہلکاروں سے جھگڑا ہوا تھا اور انہوں نے اُسے سبق سکھانے کی دھمکی دی تھی۔ یہ واقعہ جس طرح پیش آیا، اُس سے اس الزام کو تقویت ملتی ہے۔ وگرنہ کار رک جانے کے بعد سامنے سے آ کر گولیاں مارنا ایک غیر منطقی بات لگتی ہے۔ بہر حال حقائق تو تفتیش کے بعد ہی سامنے آ سکتے ہیں، مگر تفتیش تو پولیس نے ہی کرنی ہے اور ستم ظریفی یہ ہے کہ آئی جی اسلام آباد نے سی ٹی ڈی کے افسران کو ہی اس واقعہ کی تفتیش سونپ دی ہے۔

سری نگر ہائی وے پر بیٹھے ہوئے مقتول کے لواحقین اور اُن کے غم خوار یہ مطالبہ کرتے رہے کہ چیف جسٹس آف پاکستان اس واقعہ کا از خود نوٹس لے کر انہیں انصاف دلائیں۔ اُدھر اسلام آباد کے چیف کمشنر نے ایک جونیئر افسر کی سربراہی میں ایک جوڈیشل انکوائری کمیشن قائم کر دیا ہے، جس سے اُن کی جانبداری اور غیر سنجیدگی کا اندازہ ہوتا ہے۔ انہیں یہ انکوائری یا تو اسلام آباد کے ڈپٹی کمشنر کو جو ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ بھی ہیں، سونپنی چاہئے تھی یا پھر کسی سینئر افسر کا انتخاب کرنا چاہئے تھا۔ ایک سترھویں گریڈ کے افسر سے کیا توقع کی جا سکتی ہے کہ وہ پولیس کے خلاف انکوائری میں ورثاء کو انصاف فراہم کرے گا۔ وہ تو اپنی رپورٹ میں بہت ہی ایسی چیزیں ڈال دے گا، جن سے پولیس کو فائدہ پہنچے، آخر رہنا تو اُس نے بھی اسلام آباد ہی میں ہے۔

ابھی چند روز پہلے ہی وزیراعظم عمران خان نے اسلام آباد پولیس سے خطاب کرتے ہوئے اُس کی بے حد تعریف کی تھی، حالانکہ واقفان حال اور اسلام آباد میں رہنے والے ہمارے دوست احباب بتاتے ہیں کہ جرائم کی شرح کے لحاظ سے اسلام آباد کراچی بنتا جا رہا ہے، اس شہر میں بھی مختلف علاقوں اور افغانستان سے آئے ہوئے بے شمار لوگ آباد ہیں، جو جرائم میں ملوث ہو چکے ہیں، آئے روز ڈکیتیاں، قتل، گاڑی چھیننے کی وارداتیں اور منشیات فروشی عام ہو چکی ہے۔ گویا ملک کا دارالخلافہ بھی محفوظ نہیں رہا۔ تربیت کا یہ عالم ہے کہ روکنے پر شک کرنے والے نوجوان کو کسی دوسرے طریقے سے روکنے کی بجائے گولیوں سے اڑا دیا جاتا ہے۔ کیا ایسی پولیس بڑے چیلنجوں کا مقابلہ کر سکتی ہے؟ وزیراعظم عمران خان کے لئے یہ ایک ٹیسٹ کیس ہے، انہیں اس پولیس کی انکوائری اسلام آباد کی بجائے ایف آئی اے کو سونپنی چاہئے تاکہ ایک طرف انصاف کے تقاضے پورے ہوں اور دوسری طرف پولیس کی کارکردگی کے بارے میں حقائق سامنے لائے جا سکیں۔

"ہم پوچھیں گے اور لازم ہیکہ ہم پوچھیں"

شفیق الرحمن ساسولی

یہ نامعلوم کا تماشا کب تک جاری رہے گا؟ کب تک مظلوموں کا خون بہتا رہیگا؟ کب تک بلوچستان کے مجبور و لاچار بلوچ، ہزارہ اور پشتون تحفظ کی نام و نہاد چار دیواری میں حیوانیت کا شکار ہوتے رہیں گے؟ اس دھرتی کے باسی کب تک غربت و بے چارگی کی زندگی گزارتے رہیں گے؟ کب تک ملت سرمائے کے ہاتھوں فروخت ہوتی رہے گی؟

کب تک ہم نامعلوم کے ہاتھوں اغواء و شہید ہوتے رہیں گے؟ کب تک؟

ہماری بے خبری کہیں یا بے بسی و بے وقوفی ہم اپنے قاتلوں کو نامعلوم کا نام دیکر ہمیشہ سے منتخب رقوتوں سے انصاف کی توقع کر رہے ہوتے ہیں۔ لیکن اب بات ہوگی تو شیر خدا مولاء علی کے قول کے مطابق ہوگی۔

حضرت علی کا قول ہیکہ "جس مقتول کا قاتل نامعلوم ہو اس کا قاتل حاکم وقت ہوتا ہے"۔

تو قاتل وقت (یعنی حاکم وقت) سن لو نواب نوروز خان و پرنس عبدالکریم خان کے وارثان آج تم سے کہہ رہے ہیں!

اسد جان مینگل کے اغواء کار تم ہو، اکبر خان بگٹی کے قاتل تم ہو، توتک میں زندہ درگور سینکڑوں افراد کے قاتل تم ہو، ہزاروں لاپتہ بلوچ فرزندوں کے اغواء کار تم ہو، شہید حیات بلوچ، بانک کریمہ بلوچ کے قاتل تم ہو، شہید ملک ناز کے قاتل تم ہو، ہمارے ننگ و ناموس کو لوٹنے والے تم ہو، ہمارے تشخص کو مٹانے کے در پے تم ہو، مچھ میں ہزارہ برادری کے 11 کان کنوں سمیت سینکڑوں پشتون اور ہزارہ کے قاتل تم ہو۔

قاتل (حاکم) وقت! تم نے بلوچستان کو باقاعدہ جنگل کی شکل دے دی ہے، جہاں ہر درندہ اپنے مزاج اور طاقت کے حساب جو میسر ہو لوٹ رہا ہے۔ یہاں سب کے کاروبار الگ، سب کی تربیت الگ، سب کے دھندے الگ، مشترکہ انسانی فلاح و بہبودی نظریے سے کسی کو کوئی واسطہ نہیں۔ اور ذاتی مفاد، انا اور ذاتی نظریات کے لئے قتل تک جائز ہے۔

ہزاروں بلوچ فرزندوں کی شہادت، ملک ناز کے قتل اور حیات بلوچ کی سفاکانہ قتل، ہزاروں بیرو جوان بلوچوں کی بے گواہی، کریمہ بلوچ کی شہادت اور کئی مصائب و مظالم جو بیاں سے باہر ہیں، مجبوری مگر یہی ہے کہ ہم کھل کے رو بھی نہیں سکتے، آواز اٹھا نہیں سکتے، کیوں کہ اپنوں کیلئے آواز اٹھانا بھی جرم بن چکا ہے۔

حیرت کی بات یہ ہیکہ قاتلین (حاکمین)! 70 سال سے بلوچ پر حکومت کرتے ہوئے تمہیں سمجھ نہیں آئی کہ بلوچ عزت کے دلدادہ ہیں، بلوچ تشخص اور غیرت پر مر مٹنے والے ہیں، سب بلوچ اس ہجوم کی طرح بالکل بھی نہیں ہیں جو اپنے بچوں کی لاشوں سے زیادہ حاکم وقت کے بوٹوں یا ٹوپی میں دلچسپی لیتے ہیں۔

ذی عقل بلوچ تمہاری اس ہجوم والوں، اپنوں کو اذیت دینے والوں کے سامنے اب عقل کی بات نہیں کرتا، بس ان کے سامنے کوئی عقل کی بات کرنا بھینس کے آگے بین بجانے کی مترادف ہے۔ یہ بین ایک عرصے سے بجائی جا رہی ہے مگر بھینس تو بھینس ہے اس کو کیا فرق پڑنے والا۔

اس سے بھی زیادہ حیرت ایک اور حرکت یا تماشے کی ہے۔ جس کسی پر حملہ ہو یا کوئی اندوہناک قتل کی واردات قاتل (حاکم) وقت! تم وہاں پہنچ جاتے ہو، ندامت کا شائبہ تک چہرے پر موجود نہیں ہوتا اور یہ آپ کا لایا ہوا غلام ہجوم وہاں پہنچ کر شقی القلبی کا مظاہرہ کر رہا ہوتا ہے آپ کی آمد کو باعث فخر سمجھ رہا ہوتا ہے، بجائے متاثرہ خاندان کو سننے کے تم ان غلام ہجوم کی خوشامدی کا مزہ لے رہے ہوتے ہو، حاکم وقت! آپ اصل مجرم ہیں آپ کسی متاثرہ گھر پر آتے ہو اگر واقعی میں انصاف فراہم کرنا اپنی ذمہ داری سمجھتے ہو اور اگر کسی کو آپ سے کوئی توقع ہوتا ہے تو ان سے عرض ہیکہ آپ کے گریبان تب تک پکڑے رہیں جب تک ان کی مکمل دادرسی نہ ہو۔

حاکم وقت! آپ کی کارکردگی کیا ہے؟ آج جب آپ کچھ واقعہ پر انصاف فراہم کرنے کا وعدہ کر رہے ہو تو ہم آپ سے پوچھتے ہیں کہ اس سے پہلے آپ نے کس کو انصاف فراہم کیا ہے؟ آپ نے حیات بلوچ سمیت ہزاروں بلوچ، ہزارہ اور پشتون شہیدوں کو کون سا انصاف فراہم کیا ہے جو اب گیارہ شہیدوں کا کون کو انصاف دلاؤ گے؟

اب ہم ہمت نہیں ہاریں گے، یہ سب پوچھیں گے، مسلسل پوچھتے رہیں گے، غلام ابن غلام ابن غلام ہجوم کی خوشامدی کی مستحق تو گو تمہیں وہ ہجوم مبارک ہو۔ ہماری تربیت میں سوال کرنا شامل ہے، سیاسی جہد اور سیاسی مزاحمت شامل ہے۔ ہم پوچھیں گے کہ ہمارے لاپتہ لوگ کہاں ہیں؟ ہم پوچھیں گے ہمارے لوگوں کو کیوں مارا جا رہا ہے؟ ہمارے وسائل کو کیوں لوٹا جا رہا ہے؟ ہم سے ہماری تشخص کیوں چھینی جا رہی ہے؟ ہم پوچھیں گے اور لازم ہیکہ ہم پوچھیں۔

حاکم وقت! حضرت علی کا قول پیش خدمت ہے کہ "جس مقتول کا قاتل نامعلوم ہو اس کا قاتل حاکم وقت ہوتا ہے"۔

لہٰذا جب تک تم نامعلوم قاتلوں، اغواء کاروں کو گرفتار نہیں کرتے، ہمارے مقتولوں کو منظر عام پر نہیں لاتے، تب تک تم قاتل ہو، تب تک تم اغواء کار ہو۔ تب تک تمہیں قاتل کہیں گے قاتل لکھیں گے، اغواء کار کہیں گے اغواء کار لکھیں گے------!

شدید کس مپرسی سے باعزت زندگی تک (1)

لیفٹیننٹ کرنل (ر) غلام جیلانی خان

میں جب بھی وزیراعظم کی تقریروں میں چین کی اقتصادی ترقی کا ذکر سنتا ہوں تو دل میں اک ہوک سی اٹھتی ہے کہ کاش پاکستان میں بھی کبھی ایسا وقت آئے کہ ہم اپنے ازلی حریف (ہندوستان) کی طرح مالدار بین الاقوامی اقتصادی فورموں میں شامل ہو سکیں۔ پی ٹی آئی کی حکومت کا یہ واویلا کوئی نہیں سنتا کہ اس نے گزشتہ دو برسوں میں ملک پر قرضوں کی ادائیگی کی صورت میں اربوں ڈالر ادا کئے ہیں۔ یہ قرضے گزشتہ دونوں مین سٹریم سیاسی پارٹیوں کے ادوار (2008ء تا 2018ء) میں لئے گئے اور ملک کی سالانہ آمدنی کا آدھا حصہ ان قرضوں کی واپسی پر صرف ہو جاتا ہے۔ ....

عمران خان ایک اور پہلو کی طرف بھی کئی بار ہم پاکستانیوں کی توجہ مبذول کروا چکے ہیں کہ چین نے حالیہ آٹھ دس برسوں میں اپنے کروڑوں نادار و مفلس چینیوں کو غربت کی لکیر سے نکالا ہے اور اب وہ باعزت خوشحالی کی زندگی بسر کر رہے ہیں۔ میں ان چینیوں کی ٹوہ میں لگا رہتا تھا کہ وہ کہاں بستے ہیں، ان کی غربت کی وجہ کیا تھی، اس انتہائی مفلسی سے باہر نکلنے کا راستہ چینی صدر شی جن پنگ کو کس طرح سوجھا اور کیا وہ ماڈل ہم پاکستانی بھی اپنا سکتے ہیں۔ اس لئے جب میری نظر آج کے "دی نیویارک ٹائمز" کی ایک خبر پر پڑی تو یوں لگا جیسے میرے سوال کا جواب مل گیا ہو۔

امریکہ کے اس اخبار (دی نیویارک ٹائمز) کا انٹرنیشنل ایڈیشن کئی برسوں سے دیکھ رہا ہوں۔ اس اخبار کی یہ بات / پالیسی بالخصوص مجھے پسند ہے کہ یہ اپنے مالکان کی مقرر کردہ ڈگر سے آگے پیچھے نہیں ہٹتا۔ اس کا پہلا صفحہ ہمیشہ تین چار بڑی خبروں سے مزین ہوتا ہے۔ جن میں ایک تو یہ ہے کہ یہ ڈیموکریٹک پارٹی کا ترجمان (یا حمائتی) روزنامہ ہے۔ گزشتہ چار برسوں میں جب ٹرمپ کی حکومت تھی تو اس کی شہ سرخیاں، اداریے اور کالم صدر ٹرمپ کی کردار کشی میں پیش پیش رہے۔ کبھی بھولے سے بھی اس اخبار نے ری پبلکن پارٹی کے لئے کوئی کلمہ خیر نہیں چھاپا......... دوسرے یہ کہ ٹرمپ کی کردار کشی کے بعد اس اخبار کا دوسرا ہدف "چین" رہا۔ چین کی ترقی کو بھی اس روزنامے نے تنزلی کے روپ میں دکھایا اور چین کی کسی بھی ایسی خبر کو قابل اشاعت نہ سمجھا کہ جس میں چینی حکومت یا معاشرے کے کسی پہلو کی توصیف کا کوئی شائبہ موجود تھا......

تیسرے اس کے اولین صفحے کے وسط میں دنیا کے کسی ایک ملک کے ان گوشوں کو بے نقاب کیا جاتا ہے جو امریکہ کے مخالف نظر آئیں اور امریکہ کے قومی مفادات کی نفی کرتے ہوں...... درج بالا تین خبروں کو پہلے صفحے کے دائیں بائیں اور وسط میں شائع کیا جاتا ہے اور صفحے کے نچلے حصے میں فنون لطیفہ کی کسی شاخ (فلم، تھیٹر، ریڈیو، ٹی وی، موسیقی، سنگ تراشی، شاعری وغیرہ) کو موضوع بحث بنایا جاتا ہے۔

ایک اور خصوصیت جو اس اخبار (اور مغرب کی دوسری اخباروں) میں دیکھنے کو ملتی ہے وہ یہ کہ اس کی کوئی خبر، کالم یا آرٹیکل ایسا نہیں ہوتا جس کے ساتھ تصویر نہ ہو۔ صرف اداریہ ایسا حصہ ہے جو تصویر کے بغیر شائع کیا جاتا ہے۔ پاکستان کے انگریزی کے اخبار بھی کم و بیش اسی روش پر گامزن ہیں۔ البتہ جس چیز کی کمی ہے وہ متعلقہ تصاویر ہیں جو اس انداز میں منتخب اور شائع نہیں کی جاتیں جیسی کہ "دی نیویارک ٹائمز" میں دیکھنے کو ملتی ہیں۔

چنانچہ آج (2 جنوری 2021ء) جب صفحہ اول کے وسط میں یہ خبر دیکھی کہ جس کا عنوان تھا: "چین کے دیہی علاقوں میں غربت کے خلاف جنگ" تو گویا میرے دیرینہ سوال کا جواب مل گیا۔

انقلابی کون ---؟؟؟

سطور ذیل میں اسی آرٹیکل کی جھلکیاں قارئین کو دکھانی مقصود ہیں۔ میرے خیال میں پاکستان کے اکثر دیہی علاقوں میں بھی، چین کی طرح، غربت اور فلاکت کا راج ہے۔ یہاں کی غربت کی ماری آبادیوں کو اوپر اٹھانے اور انہیں باعزت روزگار فراہم کرنے کی طرف سفر شروع کرنے کے لئے چینی ماڈل سے استفادہ کیا جا سکتا ہے۔ دیہی آبادی کا یہ پہلو ایسا ہے جس پر گزشتہ حکومتوں نے کوئی توجہ نہیں دی۔ پاکستان اس چینی ماڈل سے فیض یاب ہونے کے ساتھ ساتھ ان مسائل سے بھی نمٹ سکتا ہے جو چین کو اس پالیسی کو اپنانے کے دوران پیش آئے اور اس نے ان سے عہدہ برآ ہونے کے لئے ایسے اقدامات اٹھائے جو پی ٹی آئی حکومت آج اٹھا رہی ہے۔ میرا خیال ہے حکومت نے چین کی اس ڈیل میں کمزوریوں اور کوتاہیوں سے سبق سیکھا ہے اور ان کا ازالہ کرنے کے لئے ابھی سے ایسے پروگرام شروع کر دیئے ہیں جو اس امر کا سراغ دیتے ہیں کہ عمران خان نے اس "چینی ماڈل" کا بطور خاص بغور مطالعہ کیا ہے۔ چین کے شمالی وسطی علاقے میں ایک صوبے کا نام گانسو (Gansu) ہے۔ (نقشہ دیکھئے) یہ صوبہ چین کے غریب ترین صوبوں میں شمار ہوتا ہے۔ اس کے مشرق میں دیوار چین کا علاقہ ہے جو انتہائی سرد ہے اور مغرب میں صحرائے گوبی واقع ہے جو انتہائی خشک ویران اور گرم ہے۔ اس کی زمین نیم صحرائی اور نیم کوہستانی ہے۔ جدید سڑکوں وغیرہ کا فقدان ہے۔ رقبہ ساڑھے 4 لاکھ مربع کلومیٹر لیکن آبادی 26 کروڑ سے زیادہ ہے۔

اتنے زیادہ رقبے میں کم آبادی کی وجہ یہ ہے کہ یہاں کی آب و ہوا شدید اور موسم کے شدائد چندور چند ہیں۔ یہی وجہ تھی کہ صدر شی نے اس صوبے کو بطور خاص اپنے "انسداد غربت" کے منصوبے کے لئے منتخب کیا۔ اس کے صوبائی دارالحکومت کا نام اگرچہ لان ژو (Lanzhou) ہے لیکن اس کا جیایو گوان (Jiayuguan) کا شہر اس لئے زیادہ مشہور ہے کہ اس کے نواح میں آبادیوں کی کثرت ہے۔ اول اول جب شی حکومت نے یہاں کے کروڑوں کسانوں کو ایک ایک گائے مفت دینے کا اعلان کیا تو لوگوں میں یہ بات مشہور ہو گئی کہ حکومت کسی بھی وقت یہ گائے واپس لے سکتی ہے۔ اور ساتھ اس کے جو بچھڑا یا بچھڑی ہو گی وہ بھی ہتھیا لے گی...... پاکستان ہی میں نہیں، چین میں بھی ایسے لوگوں کی کمی نہیں جو حکومت مخالف پراپیگنڈے کو ہوا دیتے ہیں۔ ان لوگوں کی "PDM" کے اپنے اصول و قواعد اور اقدار و روایات ہیں۔ یعنی:

ہر جا کہ گل است، خار است

لیکن لوگوں کی اکثریت نے "چینی PDM" کی افواہوں پر کان نہ دھرا اور گایوں کا عطیہ قبول کر لیا۔ جو لوگ دور دراز پہاڑوں میں رہتے تھے ان کو حکومت کی طرف سے بھیڑ بکریوں کے ریوڑ مفت دیئے گئے۔ مثال حکومت نے شہری علاقوں سے دیہی علاقوں تک سڑکیں تعمیر کر دیں اور غریب ترین لوگوں کے لئے مفت مکانات بنوا کر دے دیئے۔ قدیم سکولوں اور عبادت گاہوں کو کمیونٹی سنٹر ڈکلیئر کر دیا جہاں لوگ فارغ اوقات میں مختلف تقاریب میں شریک ہونے لگے۔ دی نیویارک ٹائمز کی اس رپورٹ کے رپورٹر نے ایک 58 سالہ شخص کا نام جیایان دن لکھا ہے جس کی گائے نے 3 سال میں دو بچھڑے دیئے۔ اس نے یہ گائے حال ہی میں 2900 ڈالر میں فروخت کر دی۔ یہ رقم آتی تھی کہ وہ اپنی کوہستانی زمین پر جو آلو، ٹماٹر، گندم اور مکئی وغیرہ اگایا کرتا تھا اس کی دو سالہ پیداوار سے بھی زیادہ تھی۔

اب وہ اس قابل ہو گیا ہے کہ اپنی فیملی کے لئے سبزیاں، دالیں، گوشت اور پھل وغیرہ خرید سکتا ہے۔ اس ایک کسان پر ہی منحصر نہیں، شہر کے ہزاروں لاکھوں کسان اس سے مستفید ہوئے ہیں۔ مزید برآں شی حکومت نے ان لوگوں کے کچے مکانوں کی جگہ "مفت" پکے مکان تعمیر کر دیئے ہیں اور کچے مکانوں کو بطور سٹور رہنے دیا ہے۔ (اخبار میں کچے اور پکے مکانوں کی تصاویر دی گئی ہیں اور نئے پکے مکان کے برآمدے میں مسٹر جیایان دن کو بھی دکھایا گیا ہے)۔

حکومت نے یہ منصوبہ 5 برس پہلے 2015ء میں شروع کیا تھا اور اب 5 سال بعد اس کے طفیل اس علاقے کے غریب ترین لوگ انتہائی غربت کی لکیر سے اوپر اٹھ کر خوشحالی کی زندگی بسر کر رہے ہیں۔ اگر اس "خوشحالی" کو امارت یا مرفع الحالی سے تعبیر نہ بھی کریں تو یہ کہا جا سکتا ہے کہ چین کے امیر صنعتی شہروں کے امراء و رؤساء کے برعکس صوبہ گانسو کے ان باعزت اور سفید پوش شہریوں کو اپنے جنم جنم کے احساس محرومی سے نجات مل چکی ہے۔ (جاری ہے)

افسوسناک واقعہ

فیصل شامی

انتہائی افسوسناک واقعہ وفاقی دارالحکومت میں پیش آیا رات کی تاریکی میں معصوم طالبعلم کو انتہائی سفاکی و بے رحمی سے گولیاں مار کے قتل کر دیا گیا اور معصوم سے ننھے منے پھول کو گولیاں مارنے والے قانون کے رکھوالے ٹھہرے جی ہاں جب قانون کے رکھوالے ہی قاتل بن جائیں عوام کی زندگیوں سے کھیلنے لگیں ناحق خون معصوموں کا بہانے لگیں تو تو ایسے معاشرے میں عوام کی زندگیوں کا تحفظ کون کرے جی انتہائی افسوسناک واقعہ جس نے ملک بھر کے شہریوں کو خون کے آنسو سے بھگو دیا جی انتہائی افسوسناک واقعہ پیش آیا وہ بھی وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں رات گئے سی ٹی ڈی اہلکاروں نے معصوم طالبعلم کو قتل کر دیا اور یاد رہے کہ چند سال قبل ساہیوال سے لاہور آنے والی فیملی کو بھی سرعام گولیاں مار کے قتل کر دیا تھا اور ایک دفعہ پھر وفاقی دارالحکومت میں سی ٹی ڈی اہلکاروں نے راہ چلتے معصوم طالبعلم کو ناحق قتل کر دیا اس واقعے پہ اہلیان اسلام آباد سمیت تمام پاکستانی قوم بھی سراپا احتجاج ہے اور اعلیٰ حکام سے چیخ چیخ کے معصوم ناحق قتل کئے جانیوالے طالبعلم کے قاتلوں کے خلاف سخت سے سخت کارروائی اور سرعام الٹا لٹکا دینے کا مطالبہ کر رہے ہیں اور کہا جا رہا ہے کہ وزیر داخلہ جناب شیخ رشید نے واقعہ کا نوٹس لے لیا اور مذکورہ اہلکاروں کو گرفتار کرنے کا حکم بھی دیا اور مذکورہ اہلکاروں کو حراست میں لینے کا بھی حکم دیا جبکہ خبر کے مطابق سی ٹی ڈی کے اعلیٰ افسران کو واقعہ کی انکوائری پہ تعینات کیا گیا جس پہ بھی معصوم ناحق قتل ہونے والے والد کو تحفظات ہیں۔

قتل ہونے والے والد کے مطابق سی ٹی ڈی اہلکاروں نے پرانی دشمنی نکالی بہر حال انتہائی افسوسناک واقعہ ہے اور عوامی مطالبہ ہے کہ حکومت ایسے واقعات کو پیش آنے سے روکے کہ کبھی پولیس اہلکار یا کسی ادارے کے اہلکار کو قطعی یہ اختیار نہیں ہونا چاہئے کہ راہ چلتے کسی بھی معصوم کو کہیں بھی کسی بھی وقت کسی بھی جگہ گولیاں مار دیں جی ہاں قانون میں تبدیلی لائی جانی چاہئے تاکہ کہیں کوئی خون ناحق انسانی جان نہ ضائع ہو سکے بہر حال ہمارا کیا سب کا ہی مطالبہ ہے کہ ناحق انسانی جانوں سے کھیلنے والے انسان نما بھیڑیوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے اور نشان عبرت بنایا جائے تاکہ آئندہ کوئی بھی اس قسم کی سنگین و سفاکانہ حرکت نہ کر سکے تو بہر حال اجازت چاہتے چلتے چلتے اللہ نگہبان رب راکھا۔

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

چوہدری نثار سیاست میں دوبارہ متحرک۔ خبر

ONLINE

موت کے سائے



خوف کے پرندوں نے پھر سے اپنے پر پھڑ پھڑانے شروع کر دیئے ہیں اور پروں کے پھڑ پھڑانے سے جو ڈراؤنی آوازیں انسانی سماعتوں سے ٹکراتی ہیں تو خوف کا زہر پورے ابدان میں سرایت کر جاتا ہے۔

خوف کی کرنیں سمیٹے جب دن بھر کا تھکا ماندہ سورج دور کہیں مغربی افق میں غروب ہوتا ہے تو انسانوں کی بستیوں میں موت کے سائے اُمنڈ آتے ہیں پھر یوں ہوتا ہے

جیسے مچھ شہر میں مزدوروں کا المناک قتل عام کیا گیا ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ ایک قتل پورے انسانیت کی قتل کے مترادف ہے۔ اس لیے دنیا کے تمام مذاہب نے اس عمل کی ممانعت فرمائی ہے مگر پھر بھی انسان ایسے ایسے شرمناک عمل کر گزرتا ہے کہ حیوان بھی شرما جاتے ہیں۔ اس جدید دور میں بھی انسان میں انسانیت کا ناپید ہونا انتہائی تشویشناک ہے۔ یہی وجہ ہے آئے روز اس طرح کے اندوہناک واقعے ہو رہے ہیں معاشرے کو اس حوالے سے سنجیدگی سے سوچنا چاہیے کیونکہ ریاست تو ان تمام معاملات سے اپنے آپ کو بری الذمہ سمجھ کر سوری ہے بلوچستان میں تو جنگل کا قانون ہے جس کی لاٹھی اس کی بھینس۔ بلوچستان کا کوئی بھی فرد محفوظ نہیں۔ جب چاہیں جہاں چاہیں قتل کریں گمشدہ کریں مسخ شدہ کریں، ٹارگٹ قتل کریں اغوا کریں۔ تشدد کریں۔ کوئی پوچھنے والا نہیں کوئی قانون نہیں۔ لا ان آرڈر نہیں۔ اسے لگتا ہے کہ مقبوضہ خطہ ہے جیسے جوگی میں آتا ہے اس طرح کرتا ہے۔ موت کے سائے لرزاں لرزاں

کوئٹہ کے نواحی علاقے "زرغون" میں پہنچتے ہیں جہاں سردی سے ٹھٹھر کر جاں بحق ہونے والی دو خواتین کی لاشیں ملی لاشیں سول ہسپتال منتقل کر دی گئیں موت رقص کرنے لگی۔

پولیس کے مطابق لاشیں کوئٹہ سے 48 کلومیٹر دور پولیس تھانہ ہنہ کی حدود زرغون کے ویران اور پہاڑی علاقے سے ملیں ہیں جنہیں سول ہسپتال کے مردہ خانہ منتقل کیا گیا جہاں پولیس سرجن ڈاکٹر عائشہ نے لاشوں کا معائنہ کرنے کے بعد تصدیق کی کہ دونوں خواتین کے جسم پر تشدد کے کوئی نشان نہیں ہیں پولیس کے مطابق دونوں کی موت سردی کی وجہ سے ہی ہوئی ہے دونوں خواتین تین روز قبل زرغون میں واقع اپنی بہن کے گھر جانے کیلئے نکلی تھیں دونوں خواتین بس سے اترنے کے بعد کچے راستے پر تقریباً ساڑھے چھ کلومیٹر پیدل چلیں ان کے پاس گرم کپڑے اور جوتے نہیں تھے جس کی وجہ سے راستے میں ہی سخت سردی کے سبب دونوں کی موت ہو گئی۔

مچھ سے کوئٹہ کی گلی

زرغون تک موت کے بھیانک سائے نے خوف پھیلا دیا ہے

پھر یوں ہوا کہ موت کا اژدھا ظلم کی بین پر اسلام آباد میں بھی خوب ناچا

جہاں پولیس اہلکاروں کی فائرنگ سے نوجوان جاں بحق ہو گیا

ایک اور سانحہ ساہیوال طرز کا واقعہ پاکستان کے دارالحکومت اسلام آباد میں پیش آیا۔ اسلام آباد میں انسداد دہشت گردی اسکواڈ (اے ٹی ایس) پولیس اہلکاروں کی فائرنگ سے ایک 22 سالہ نوجوان جاں بحق ہو گیا جبکہ پولیس نے والد کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے 5 اہلکاروں کو حراست میں لے لیا۔ دارالحکومت اسلام آباد میں نوجوان کے قتل کا مقدمہ والد کی مدعیت میں تھانہ رمنا میں درج کرلیا گیا۔ مقدمے میں تعزیرات پاکستان کی دفعہ 302 (قتل) کے ساتھ ساتھ انسداد دہشت گردی ایکٹ کی دفعہ 7 بھی لگائی گئی ہے۔ مذکورہ مقدمے میں مدثر اقبال، شکیل احمد، محمد مصطفیٰ، سعید احمد اور افتخار احمد نامی اہلکاروں کو نامزد کیا گیا ہے۔ نوجوان کے والد ندیم یونس ستی نے مقدمے میں موقف اپنایا کہ میرا جواں سالہ بیٹا اسامہ ندیم ستی میرے ساتھ جی-10 مرکز میں کاروبار کرتا تھا اور وہ 2 جنوری کی رات تقریباً 2 بجے اپنے دوست کو ایچ-11 نزد نسٹ یونیورسٹی چھوڑنے گیا تھا تو مدثر مختار، شکیل احمد، سعید احمد، محمد مصطفیٰ اور افتخار احمد نامی پولیس اہلکاروں جن سے ایک دن قبل میرے بیٹے کی تلخ کلامی اور جھگڑا ہوا تھا، جس کا ذکر میرے بیٹے نے مجھ سے کیا تھا۔ والد نے ایف آئی آر میں موقف اپنایا کہ اسلام آباد پولیس کے ان ملازمین نے میرے بیٹے کو دھمکی دی تھی کہ تمہیں مزہ چکھائیں گے، جس کے بعد رات 2 بجے ان پولیس اہلکاروں نے میرے بیٹے کی گاڑی کا پیچھا کیا اور ٹکر ماری جس کے بعد انہوں نے روک کر مین شاہراہ پر گاڑی پر 17 گولیاں چاروں اطراف سے چلائیں جس سے میرے بیٹے کی جان چلی گئی۔ انہوں نے ایف آئی آر میں دعویٰ کیا کہ میرے بیٹے کی جان معمولی تلخ کلامی کی وجہ سے لی گئی اور مکمل منصوبہ بندی کے ساتھ میرے بیٹے کو ان پولیس کی وردی میں موجود "درندوں" نے ناحق قتل کیا۔ انہوں نے درخواست میں ان پولیس اہلکاروں کے خلاف سخت سے سخت قانونی کارروائی کرنے اور دہشت گردی کا مقدمہ درج کیا جائے۔

مذکورہ نوجوان کے والد نے ایک ویڈیو بیان میں کہا تھا کہ رمنا تھانے کے ایس ایچ او اور ڈی ایس پی، ایس پی نے ہمارے سامنے یہ تسلیم کیا ہے یہ ملک ہے یا قتل گاہ ہے جہاں انسانیت قتل ہوتی ہے موت رقص کرتی ہے ------

ہماری غیرت کہاں مرگئی

عبدالرحیم مری

کافی عرصے سے میں دیکھ رہا ہوں بلوچ پشتون رسم و رواج کی دھجیاں بڑی ڈھٹائی کے ساتھ اڑائی جا رہی ہیں ہمارے بزرگ ہستیاں یا تو نوجوان طبقے کے سامنے بے بس ہیں یا پھر دانستہ طور پر ان کے ہاں میں ہاں ملا کے اس قومی اور مذہبی فریضے سے روگردانی کر رہے ہیں میرا مقصد ہے شادی بیاہ اور خوشیوں کے موقع پر جس انداز میں بلوچ پشتون تہذیب و تمدن کی پامالی نظر آتی ہے جس کی کوئی مثال نہیں ملتی غیر محرم مراثی کو گھر لے جا کر دوسرے نامحرم کزنوں کے سامنے اپنی ماں بہنوں کو (آتھنڑ) کے نام پر نچوانا یہ خوشی منانے کا کونسا مہذب طریقہ ہے اگر بچے اور خواتین کو خوامخواہ نچوانی ہے تو کسی خاتون مراثی کے گلے میں ڈھول ڈال کے گھر بھیج دو تاکہ کوئی غیر محرم مردان کے جسم کے تجم کا نظارہ تو نہ کرے اب تو بات اس سے بھی آگے نکل شادی بیاہ کے موقع پر بڑے بڑے ڈیک اور سپیکر لاکر فل والیم کے ساتھ ڈسکو ڈانس اور آتھنڑ کا پروگرام کیا جاتا ہے اور موبائل کے ذریعے ویڈیو بھی بنائی جاتی ہے اکثر اس کار خیر میں خواتین خود بھی حصہ لیکر ویڈیو بناتے نظر آتے ہیں بلکہ آج کل اکثر سپیکروں میں آٹومیٹک ویڈیو ریکارڈنگ کی سہولت پہلے سے ہی موجود ہوتی ہے خفیہ کیمرے کی مدد سے سب کچھ ریکارڈ ہوتا جاتا ہے جس کی واضح ثبوت فیس بک اور سوشل میڈیا پہ وائرل شدہ شادیوں کے پروگرام ہیں جنھیں ان کے وہم و گمان میں بھی نہیں ہے جبکہ سپیکر کے خفیہ آلات ان کے ریکارڈنگ کر رہے ہوتے ہیں دوسری ستم ظریفی یہ کہ خوشیوں کے موقع پر اللہ تعالی اور اس کے مخلوق کو یکسر فراموش کیا جاتا ہے نا ہی اللہ تعالی کے کسی حکم کی بجا آوری ہوتی ہے نا ہی نمازوں کے اوقات ڈھول باجے کو بند کیا جاتا ہے اور نا ہی کسی مریض کا احساس ہوتا ہے کہ یہ کان پھاڑنے والی میوزک اور ڈھول سے کسی ہمسایہ مریض کو کتنا اذیت پہنچا رہا ہے بس خوشی منانے والے اپنے مرضی پہ مگن ہیں حق کہ ہونا تو یہ چاہی تھا جو خوشی دے رہا ہے اسی خوشی دینے والے کو خوش کیا جاتا اس کے حکم کی بجا آوری کرتے تاکہ نیک صالح اولاد عطا کی جاتی اور گھر میں خیر و برکت ہوتا مگر اللہ تعالی کے فرمانبرداری کہاں ہماری اپنی غیرت پتہ نہیں کہاں مرگئی جو غیر محرم مراثی اور رشتہ داروں کزنوں کو گھر بلا کر اپنے خواتین اور بچوں کے ساتھ مل کر بجوڑی میں نمایاں کردار ادا کیا جاتا ہے "با صد افسوس" میری تمام بلوچ پشتون بھائیوں سے گزارش ہے اس تحریر پر غور فرما کے ذرا ٹھنڈے دل و دماغ سے ضرور سوچیں۔

ہیڈ کوارٹر فرنٹیئر کور بلوچستان (ساؤتھ) تربت

ٹینڈر نوٹس

1. ہیڈ کوارٹر فرنٹیئر کور بلوچستان (ساؤتھ) تربت کو مختلف قسم کی گاڑیوں کے پرزہ جات سامان کے لئے [illegible] ادارے (FBR) کے ساتھ رجسٹرڈ ہوں سے مندرجہ ذیل ٹینڈر مطلوب ہیں۔

نمبر شمار	اشیاء	تفصیل	ٹینڈر فیس
الف۔	[illegible]	(1) گاڑیوں انجن پارٹس کے پرزہ جات	1000/-
ب۔	[illegible]	(2) [illegible]	1000/-

2. ٹینڈر فارم [illegible] ہیڈ کوارٹر فرنٹیئر کور بلوچستان (ساؤتھ) تربت، کراچی، اسلام آباد [illegible] سے حاصل کئے جا سکتے ہیں۔

3. تمام مطلوب ٹینڈر [illegible] مقررہ تاریخ 20 جنوری 2021 / 12:00 بجے سے پہلے اور [illegible] 21 جنوری 2021 / 12:00 بجے سے پہلے [illegible] کراچی میں موصول ہوں گے۔ [illegible] پروگرام کے مطابق کھولے جائیں گے۔

الف۔	[illegible]	20 جنوری 2021	وقت 12:00 دن
ب۔	[illegible]	21 جنوری 2021	وقت 11:00 دن
ج۔	[illegible] گاڑیوں انجن پارٹس کے پرزہ جات	21 جنوری 2021	وقت 12:00 دن
د۔	[illegible] گاڑیوں انجن پارٹس کے پرزہ جات	22 جنوری 2021	وقت 11:00 دن
ہ۔	جگہ	[illegible] کراچی	

4. [illegible]

الف۔ [illegible] - 2% [illegible]

ب۔ [illegible] - 5% [illegible]

5. [illegible] (PPRA-2004) کے مطابق [illegible]

6. [illegible]

7. [illegible]

8. [illegible]

9. یہ اشتہار PPRA Website www.ppra.org.pk پر دیکھا جا سکتا ہے۔

10. مزید معلومات کے لئے دفتری اوقات میں فون نمبر 191 /0852-412252 پر رابطہ کریں۔

میجر
برائے انسپکٹر جنرل فرنٹیئر کور (ساؤتھ) بلوچستان
(عمر اعجاز خان)

PID(Q)01/2021

پبلشر ڈاکٹر سلیم صادق نے شال پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
ایڈیٹر: محمد طاہر جمال الدینی، سب ایڈیٹر: نجم بلوچ، فون نمبر 081-2470990 فیکس 081-2470991 ☆☆ بیورو چیف گوادر: عبدالغفور بلوچ، پتہ: ملت نیوز ایجنسی گوادر۔ موبائل نمبر: 0332-2364234 بیورو چیف اسلام آباد۔ جزاک اللہ فون نمبر 051-2271021 آفس نمبر 5 فرسٹ فلور علی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد

بقیہ شمال 1

تاجران کے چیئرمین خواجہ محمد شفیق کی قیادت میں تاجروں اور صنعتکاروں کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، انجمن تاجران بلوچستان کے صدر رحیم آغا کی قیادت میں محمد عمران ترین، محمد صدیق عمرانی شیخ محمد طاہر، میر محمد رحیم منگوئی، سید حیدر آغا، قحط خان ترین، محمد یونس، حکیم طاہر خان، محمد عاصم اور ملک طاہر دادکڑ بھی موجود تھے۔ گورنر یاسین زئی نے کہا کہ معاشی ترقی اور خوشحالی کیلئے امن بنیادی شرط ہے۔ وفد نے اپنی درپیش مشکلات سے گورنر کو آگاہ کیا اور مطالبہ کیا کہ شہید تاجر اللہ داد ترین کے قاتلوں کو گرفتار کیا جائے۔ گورنر بلوچستان یاسین زئی نے اپنے ہر ممکن تعاون کا یقین دلاتے ہوئے کہا کہ صوبے بھر کے تاجروں کو درپیش مسائل ومشکلات کا ہمیں احساس ہے۔ کرونا وائرس کی وجہ سے کاروباری اور تجارتی مراکز کی بندش سے زندگی کے تمام شعبے بالخصوص تاجر برادری بہت متاثر ہوچکی ہے تاہم حکومت تمام تجارتی و کاروباری سرگرمیوں کی بحالی اور معاشی استحکام کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لارہی ہے۔

بقیہ شمال 2

کے ذریعے زمینی حقائق کے حوالے سے شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کروائی جائیں۔ پیر کو اپنے بیان میں وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے پی ڈی ایم کے احتجاج، ملکی و علاقائی صورتحال کے حوالے سے اپنے بیان میں کہا کہ بہاولپور میں پی ڈی ایم کا شو تھا مگر اس میں پاور نہیں تھی اس لیے میں اسے پاور شو نہیں کہوں گا۔ انہوں نے کہا کہ مریم صاحبہ نے کہا کہ جنوبی پنجاب کو محروم رکھا گیا تو دیکھنا یہ ہے کہ جنوبی پنجاب کو محروم کس نے رکھا؟ پچھلی کئی دہائیوں سے پنجاب میں کس کی حکومت تھی؟ کس کے دور میں غیر منصفانہ طور پر جنوبی پنجاب کے فنڈز کہیں اور خرچ کیے گئے؟۔ انہوں نے کہا کہ کس کے دور میں یہ نعرہ گونجتا رہا "احساس قیدی تخت لاہور دے"۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ تحریک انصاف کی حکومت نے گذشتہ ڈھائی سال کے مختصر عرصے میں جنوبی پنجاب کے حوالے سے دو بڑے فیصلے کیے، اختیارات کی نچلی سطح پر منتقلی کیلئے ملتان اور بہاولپور میں دو انتظامی سیکرٹریٹ قائم کیے گئے، جنوبی پنجاب کے لیے خصوصی فنڈ مختص کیے گئے جو جنوبی پنجاب کی تعمیر و ترقی پر خرچ ہوں گے۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ ہم شروع سے کہہ رہے ہیں کہ وہ آواز جو بھارت کے بیانیہ سے مطابقت رکھتی ہو گی اس سے کیا قومی خدمت ہو سکتی ہے؟ اس وقت ہندوستان ہماری سرحدوں پر گولہ باری کر رہا ہے آئے روز لائن آف کنٹرول کی خلاف ورزیاں ہو رہی ہیں، اپوزیشن کو معلوم ہونا چاہیے کہ بھارت، پاکستان کے اندر دہشتگردی کی پشت پناہی کر رہا ہے بلوچستان میں پے در پے دیگر واقعات ہو رہے ہیں ان حالات میں جب آپ اداروں پر تنقید کرتے ہیں تو آپ بھارتی بیانیے کی ترویج کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسٹیبلشمنٹ، ہمیشہ آئین اور قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے ریاست کے مفادات کا تحفظ کرتی ہے۔ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ بلوچستان میں مزدوروں کی ہلاکت کا واقعہ انتہائی افسوسناک ہے اس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے، ہندوستان پاسبر دار وغیرہ کے ذریعے ایسے واقعات کروا رہا ہے تاکہ لوگوں میں بددلی پھیلے اور پاکستان میں ہونیوالی سرمایہ کاری متاثر ہو۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان سے تعلق رکھنے والی اپوزیشن کی قیادت کو بلوچستان کے معاملات میں دلچسپی لینی چاہیے اور لوگوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے کوشش کرنی چاہیے۔ ای یو ڈس انفولیب کے چشم کشا انکشافات دنیا کے سامنے آچکے ہیں۔ اس رپورٹ نے بھارت کے اصلی چہرے کو بے نقاب کر دیا ہے، ہم نے ایک ڈوزئیر کے ذریعے بھارتی دہشت گردی کے حوالے سے اہم شواہد اور حقائق کو دنیا کے سامنے رکھ دیا ہے۔ بھارت کی ہندوتوا پالیسیوں کی وجہ سے سیکولر ازم کا تصور دفن ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج بھارت میں امتیازی قوانین کے ذریعے اقلیتوں کو دیوار سے لگایا جا رہا ہے، پورے بھارت میں کسان سراپا احتجاج ہیں۔ آج بین الاقوامی میڈیا بھی کھل کر بھارت کے خلاف لکھ رہا ہے۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ مسئلہ کشمیر کو ہم ہر فورم پر اٹھا رہے ہیں اور اٹھاتے رہیں گے اور انشاء اللہ حق خود ارادیت کی تحریک کامیابی سے ضرور ہمکنار ہو گی۔ انہوں نے کہا کہ آسیہ اندرابی صاحبہ نے اپنی تنظیم دختران ملت کے فورم سے کشمیری خواتین میں ایک نیا ولولہ بیدار کیا قابض بھارتی افواج کے ہاتھوں کشمیری خواتین کی آبروریزی کے خلاف بھرپور اور موثر آواز بلند کی، اس موثر آواز کو دبانے کیلئے جھوٹے مقدمات کے ذریعے انہیں پچھلے پندرہ سال سے قید میں رکھا گیا ہے۔ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ ہم نے سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ، او آئی سی اور ہیومن رائٹس کمشنر کو خطوط ارسال کیے اور ان سے مطالبہ کیا کہ ان سب قائدین کو قانونی اور قیدیوں کی سہولت مہیا کی جائے، تمام سیاسی قیدیوں کو فی الفور رہا کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ مقبوضہ جموں و کشمیر میں جاری انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کے حوالے سے ہیومن رائٹس کمشنر کی غیر جانبدارانہ سامنے آنے والی دو انکوائری رپورٹس پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ اقوام متحدہ کمیشن آف انکوائری کے ذریعے زمینی حقائق کے حوالے سے شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کروائی جائیں۔

بقیہ شمال 3

سے تعلق دوست کی حد تک نہیں ہم بھائی چارے ایک دوسرے کے غم اور خوشی میں شریک ہوتے رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آن لائن سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ سردار یار محمد رند نے کہا کہ سانحہ مچھ کے متاثرہ خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں واقعہ کی جتنی مذمت کی جائے وہ کم ہے انہوں نے کہا کہ مچھ میرا حلقہ انتخاب جہاں موجود ہزارہ برادری کے ساتھ ہمارا تعلق خوشی اور غم کا ہے صرف ووٹ کی حد تک نہیں ہم ہمیشہ ان کے غم اور خوشی میں شریک ہوتے رہے ہیں ان کا کہنا تھا کہ کسی بھی بلوچ معاشرے میں ایسے ظلم کی مثال نہیں ملتی اور نہ ہی بلوچ کبھی اپنے دشمن کو اس طرح بے دردی سے ذبح کرتا ہے نہ ہی بلوچ پشتون معاشرے ایسے کسی ظلم کی اجازت دیتا ہے یہاں کا مزید کہنا تھا کہ ایسے ہولناک واقعات کی روک تھام کیلئے بروقت اقدامات کی ضرورت ہے تاکہ ہمیں ایسے سانحات کا سامنا نہ کرنا پڑے سردار یار محمد رند نے مطالبہ کیا کہ سانحہ مچھ کی تحقیقات کیلئے فوری طور پر جے آئی ٹی تشکیل دی جائے جے آئی ٹی میں عدلیہ، سیکیورٹی اسٹیبلشمنٹ اور منتخب نمائندوں کو شامل کیا جائے اور جلد سے جلد جے آئی ٹی کی تاریخ رکھی جائیں اور اس پہلو پر انکوائری ہونی چاہیے کہ واقعے میں کہاں پر کوتاہی ہوئی ہے ان کا مزید کہنا تھا کہ اس واقعے پر مجھے دلی افسوس ہوا ہے اور غم کی اس گھڑی میں ہزارہ برادری کے ساتھ ہیں۔۔

بقیہ شمال 4

اس بات کی یاد دہانی کراتا ہے کہ عالمی برادری بھارتی غیر قانونی مقبوضہ جموں و کشمیر کے مظلوم عوام کے حوالے سے اپنی ذمہ داری سے نظریں نہیں چرا سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 5 جنوری 1949 کو اقوام متحدہ کے کمیشن برائے بھارت و پاکستان (یو این سی آئی پی) نے قرارداد منظور کی تھی جو جموں و کشمیر کے عوام کو اپنا حق خود ارادیت استعمال کرنے کے لئے آزادانہ اور منصفانہ استصواب رائے کے انعقاد کی ضمانت دیتی ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ اقوام متحدہ کو 72 سال قبل کئے گئے اپنے وعدے کا پاس رکھنا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ حق خود ارادیت انسانی احترام کا بنیادی جزو ہے۔ اس حق سے انکار دراصل انسانی آزادی، انسانی حقوق کے تحفظ و فروغ کے عالمی کنونشنز سے بھی انکار ہے۔ بھارت اس بنیادی انسانی حق کا سب سے بڑا مخالف ہے۔

بقیہ شمال 5

کارروائیوں میں بھارت ملوث ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری تمام تر ہمدردیاں ہزارہ کمیونٹی کیساتھ ہیں، وزیر اعلیٰ جام کمال کی ہدایت پر اس واقع کی تحقیقات جاری ہیں شر پسند عناصر کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ انہوں نے کہ کہ بھارت اور دیگر پاکستان دشمن عناصر اس طرح کی کارروائیوں سے ہی پبلک کو سبوتاژ کرنا چاہتے ہیں۔ پی ڈی ایم پر بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملک میں پی ڈی ایم افراتفری پھیلانا چاہتے ہیں، دو سال کی حکومت پر تنقید سمجھ سے بالاتر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ن لیگ اور دیگر جماعتوں نے ملک کی جڑوں کو کھوکھلا کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی قوم پرست جماعتوں کا کردار بھی انتہائی مایوس کن رہا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ماضی میں صرف جنرل پرویز مشرف کے وقت پر ترقیاتی کام ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم عوام میں کورونا وائرس کے پھیلاؤ کا باعث بن رہی ہے۔

بقیہ شمال 6

بسنے والی اقوام اور مذاہب کا مشترکہ گلدستہ ہے۔ کسی بھی ظلم اور زیادتی پر خاموش نہیں رہا اور نہ ہی ایسے وحشیانہ اقدامات پر ان کو تنہا چھوڑیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کراچی میں اپنی رہائش گاہ پر بی این پی عوامی لسبیلہ کے ضلعی آرگنائزر میر قدرت اللہ ریگی ڈپٹی آرگنائزر اکبر ارکانی ارگنائزنگ کمیٹی کے ممبر سید لطیف شاہ کی قیادت میں ملنے والی وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا کہ بلوچستان کے پرامن ماحول اور حالات کو برقرار رکھنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے جس کے لیے بی این پی عوامی کی قیادت کے ساتھ کارکنوں پر بھی بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ پرامن سیاسی ماحول و حالات کو برقرار رکھنے کے لیے سیاسی شعوری عمل کو اجاگر کرنے کے لئے شعور آگاہی پروگرامز کا انعقاد کرکے بی این پی عوامی کا قومی پروگرام گھر گھر پہنچائے۔ آج ہم صدود وسائل میں رہتے ہوئے بلا تفریق رنگ ونسل عوام کی خدمت میں کوئی کسر باقی نہیں چھوڑی۔ ہر فورم پر سیاسی و جمہوری انداز میں آواز بلند کرنے اور ان قومی و اجتماعی مسائل کی نشاندہی کے ساتھ حل طلب مسائل کے حل کے لیے فوری اقدامات اٹھائے۔ جو حلقہ انتخاب سمیت بلوچستان بھر اجتماعی اقدامات غریب و نادار افراد کیلئے انڈومنٹ فنڈز معذور افراد کو بھی معاشرے میں باعزت مقام دلانے کے لیے روزگار کی فراہمی معاشرتی بگاڑ کے سبب بننے والی اقدامات بالخصوص منشیات کی ناسور کی تدارک اور خاتمے کے لیے بنیادی اقدامات یونیورسٹی کالجز کے قیام کے ساتھ بنیادی تعلیمی اداروں پر خصوصی توجہ بیروزگار نوجوانوں کو قابلیت کی بنیادوں پر باعزت روزگار کی فراہمی سمیت دیگر بنیادی اجتماعی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر اولیت دیکر اجتماعی عوامی اور قومی ذمہ داریوں سے کسی صورت غافل نہیں رہے۔ جس پر بلوچستانی عوام میں بی این پی عوامی کی مقبولیت کا اندازہ اس بات سے بخوبی لگایا جاسکتا ہے کہ بلوچستان بھر سے عوام بی این پی عوامی کو اپنی سیاسی مستقبل کی ضامن اور حقوق کا پاسبان سمجھ کر پارٹی کا حصہ بن رہے ہیں۔ جس پر انہیں کسی صورت مایوس نہیں کرینگے۔۔

بقیہ شمال 7

کا واقعہ ہو تمام واقعات کی مذمت کرتے ہیں، ہمارے فورسز کے جوان شہید ہوتے ہیں تو کوئی تفصیل اس پر بات نہیں کرتا حکومت سنجیدہ ہے لیویز اور پولیس کو فری ہینڈ ملا ہے کہ وہ امن وامان کے قیام کیلئے اقدامات اٹھائیں انہوں نے کہا کہ نہ صرف صوبائی حکومت بلکہ وفاقی حکومت اس حوالے سے سنجیدہ ہے۔ سی پیک کسی کو ہضم نہیں ہو رہا ایسے واقعات سے سی پیک کو سبوتاژ کرنے کی کوشش کی جارہی ہے بلکہ یہاں کچھ سہولت کاران کی مدد کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم کا بیانیہ کچھ اور عزائم کچھ اور ہے، پی ڈی ایم کے قائدین اداروں کو ہدف تنقید بنا رہے ہیں۔۔

بقیہ شمال 8

امنگوں اور خواہشات کو ہر ممکن پورا اترنے کی کوشش کر رہی ہے صوبائی حکومت کی کارکردگی بہتر اور تاریخی ہے انشاء اللہ تعالیٰ 2023 تک صوبے کے تمام دیرینہ مسائل حل ہوکر صوبہ بلوچستان دیگر صوبوں سے ترقی و خوشحالی میں آگے نکل جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ علاقائی عوامی مسائل کو حل کرنے کی بھرپور کوشش کر رہے ہیں بلا رنگ و نسل عوام کی خدمت جاری رہیگا اس وقت بھی حلقہ انتخاب میں کروڑوں روپے کے اجتماعی منصوبوں پر کام کافی تیزی سے جاری ہے سرپرست اعلیٰ مشرق میڈیا سینئر صحافی عزیز اللہ ساسولی و دیگر مختلف شعبہ زندگی کیا فراوتے پھولوں نے کیا برسانے اور استقبال کیا اس موقع پر میر علی شیر سوتنگی میر شبیر احمد مری وزیرہ کریم بخش زہری رئیس عبدالقادر بدرانی حاجی حسین بدرانی سیٹھ عبدالوہاب رند نور حسن منگوئی خلیل احمد جتک ڈاکٹر عبدالقادر جتک انجمن تاجران مچھ شوری کے صدر محمد جان جتک میر اللہ بخش جتک سردار علی رند و دیگر بھی موجود تھے سرپرست اعلیٰ مشرق میڈیا سینئر صحافی عزیز اللہ ساسولی عبداللہ بلوچ نے صوبائی مشیر حاجی محمد خان لہڑی کو روایتی اجرک کا تحفہ پیش کیا تمام معزز مہمانوں کی اعزاز میں مشرق میڈیا کے نمائندوں نے پرتکلف چائے پارٹی کا اہتمام کیا۔۔

بقیہ شمال 9

کا اہم کردار ہوتا ہے الیکشن کے دوران عوام سے بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر وعدے کئے تھے ان کو پورا کر رہے ہیں حلقے کے دونوں اضلاع میں تعلیم صحت، روزگار اور دیگر شعبوں میں انقلابی اقدامات کئے جارہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے ریسٹ ہاؤس سنجاوی میں ضلع ہرنائی کے نو منتخب ضلع زکوٰۃ چیئرمین سید شادی گل بخاری کی قیادت میں ملنے والے ضلع ہرنائی کے ایک وفد سے ملاقات کے دوران ہرنائی اور سنجاوی میں مختلف ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ کرنے کے دوران پارٹی کارکنوں، ضلعی آفیسران سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔

بقیہ شمال 10

خود مختاری و بلوچ قومیت کا کر رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بی این پی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کیا۔ جام کمال نے کہا کہ 10 سال جب آپ نے بلوچستان کے جوانوں کو اپنی تقریروں سے ورغلا کر پہاڑوں کی طرف بھیجا کیا اس وقت دبئی سے لوٹا یا نہیں آیا؟ کیا لازم تھا NRO کی لیکر واپس آنا؟ ساحل و وسائل بلوچیت اور قومیت کے دعویدار سارا دودہ میں کسی بلوچ کو اپنی شکارگاہ، مارشل مائن یا علاقے میں ایک انچ پاؤں رکھنے نہیں دیتے اور باتیں بلوچ خود مختاری اور بلوچ نیشنلزم کی۔۔

بقیہ شمال 11

عمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ روم جل رہا تھا اور نیرو بانسری بجا رہا تھا وہ بھی دبئی میں، سردار اختر جان مینگل نے وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال کو پوپٹ قرار دیتے ہوئے پوپٹ سی ایم کا ٹرینڈ شروع کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ ہزارہ کمیونٹی کے ساتھ دکھ درد کو بیان کرنا مشکل ہے مجرموں کے خلاف متحد ہونے کی ضرورت ہے، ہزارہ نسل کشی بند ہونی چاہیے

بقیہ شمال 12

عناصر کو پہلے کی طرح ہی منہ کی کھانی پڑے گی پی ڈی ایم اتحاد اور اس کے میڈیا لونگ مارچ کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم میں شامل تمام جماعتیں غیر فطری اتحادی ہیں جبکہ ملکی اداروں کے خلاف ان کا بیانیہ پاکستانی قوم کے لئے ناقابل قبول ہے لہٰذا یہ تحریک اپنی موت آپ مرجائے گی ڈیرہ بگٹی میں بنیادی سہولیات کی عدم فراہمی اور سیاسی مخالفین کی جانب سے ان پر رکاوٹیں ڈالنے کے الزام کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے ڈیرہ بگٹی کے موجودہ منتخب ایم پی اے اور ایم این اے کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے کہا کہ یہ بھی نااہلی کی انتہا ہے کہ منتخب نمائندگان جو کہ صوبے اور وفاق میں حکومت کے اہم اتحادی ہیں گیس کمپنیوں سے کروڑوں روپے تو حاصل کرسکتے ہیں کروڑوں روپے کے ایسے ٹھیکے بھی حاصل کرسکتے ہیں جس سے اپنا حصہ پر منتج کی صورت میں ملے مگر عوام کو بجلی گیس صحت اور دیگر بنیادی سہولیات کی بات آئے تو دوسروں پر الزام دھرتے ہیں کہ لوگ رکاوٹ ہیں اگر عوام کو بنیادی سہولیات فراہم نہیں کرسکتے تو انہیں استعفیٰ دے کر باوقار طور پر پیچھے ہٹنا چاہیے دہشتگردی کے حالیہ لہر میں درجنوں بیگناہوں کی شہادت کے سوال کے جواب میں سرفراز بگٹی نے دہشتگردانہ کارروائیوں کی مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ دہشتگردوں کے خلاف بغیر کسی تفریق کے کارروائی کرتے ہوئے آخری دہشتگرد کے خاتمے تک کارروائی جاری رکھنی چاہیے۔۔

بقیہ شمال 13

حیدر شاہ نورانی سے ملاقات کے دوران کہی، بعد ازاں گورنر بلوچستان کو پیر امتیاز حیدر شاہ نورانی نے اپنے لکھے گئے قرآن پاک کے نسخے سے متعلق تفصیلات سے بھی آگاہ کیا۔۔

بقیہ شمال 14

پولیس تھانہ مچھ پیر بخش بگٹی کی مدعیت میں نامعلوم ملزمان کیخلاف درج کیا گیا مقدمہ میں قتل، دہشتگردی سمیت دیگر دفعات درج کی گئی ہیں یہ مقدمہ واردات کے 35 گھنٹے بعد درج کیا گیا کیونکہ پولیس اور لیویز کے درمیان حدود کا تعین نہیں ہوسکا تھا مقدمہ کے اندراج کے باوجود ابھی تک کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی۔۔

بقیہ شمال 15

خیالات کا اظہار انہوں نے سردار اختر جان مینگل کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کیا۔ میر ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ 11 معصوم جانوں کا قتل، وطن دشمنوں کا اداروں کے اتحاد اور روایات پر کاری وار ہے۔ غیب کا علم اللہ کے سوا کسی کو نہیں کہ پہلے سے معلوم ہو سکے کہ حادثہ ہونے والا ہے۔ جام صاحب پہلے سے طے شدہ مصروفیات کی وجہ سے دبئی میں ہیں اس پر سیاست بجائے عوام مینگل صاحب سے کچھ بہتر سیاست کی توقع کرتے ہیں۔ میر ظہور بلیدی نے مریم نواز کی ٹویٹر پر شیئر کی گئی ویڈیو سے متعلق سوال کیا کہ کیا سردار اختر جان مینگل اس پر کچھ کہنا پسند فرمائیں گے، پورا ملک سانحہ مچھ کی وجہ سے سوگ منا رہا ہے اور یہاں محفل موسیقی سے لطف اندوز ہوا جا رہا ہے؟۔

بقیہ شمال 16

کی زیر صدارت نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سنٹر کا اجلاس ہوا جس میں ملک میں کورونا وائرس کی تازہ صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں معاون خصوصی برائے صحت ڈاکٹر فیصل سلطان اور سیکرٹری صحت عامر خواجہ اجلاس میں شریک ہوئے۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں ملک میں کورونا مثبت کیسز کی شرح پر بریفنگ دی گئی، چاروں صوبوں کے نمائندے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شریک ہوئے، اجلاس میں تعلیمی اداروں کو کھولنے سے متعلق بھی صورت حال کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے بعد معاون خصوصی برائے صحت ڈاکٹر فیصل سلطان نے وفاقی وزیر تعلیم کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے سخت احتیاطی اقدامات اٹھائے جن کا تعلق ہمارے تعلیمی اداروں کو بند کرنے سے تھا اور جو دیگر ہم نے ایس او پیز پر عملدرآمد کیا جیسے بڑے اجتماعات، شادی ہال اور ریسٹورنٹس بند جبکہ ان ڈور ڈائننگ پر پابندی عائد کی۔

بقیہ شمال 17

کرنے کیلئے چار پولیس آفیسر تبدیل کرکے زمین واگذار کرائی حالانکہ زمین عدالت نے اصل مالک کو واپس کردیا تھا، فارن فنڈنگ کیس الیکشن کمیشن میں سالوں سے التوا پڑا ہوا ہے اپنی بہن علیمہ خان کی سلائی مشین کی اربوں ڈالر کی کرپشن پر کبوتر کی طرح آنکھیں بند کرکے خاموش تماشائی بنا بیٹھا ہوا ہے کیونکہ بندہ خوشامدی، چاپلوسی اور کرسی کیلئے سب کچھ کرنے کو تیار ہیں اب پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ فوبیا ہوگیا عوامی مسائل پر توجہ دینے اور حل کرنے کی بجائے عمران خان وزیروں، مشیروں اور معاونین سمیت شب روز پریس کانفرنسز کر کے پروپیگنڈوں میں مصروف ہے انہوں نے کہا کہ فوج اور ریاست کے نام پر بلیک میلنگ کرکے پی ڈی ایم کو بدنام کرنے پر تلا ہوا ہے ماضی میں فوج کے خلاف بیانات ریکارڈ پر موجود ہے اور اب ڈھائی سال بعد ہوش آیا کہ تیاری کے بغیر حکومت نہیں آنا چاہئے بندہ تابعدار ہیں اب کہہ رہا ہے کہ مدرسے کے بچوں کو سیاست کرنے کے لئے استعمال نہیں کرنا چاہئے۔

بقیہ شمال 18

مینگل، اے ایس آئی عبدالستار محمد حسنی، اے ایس آئی شبیر ساسولی نے پولیس فورس کے ہمراہ خضدار مین بازار میں مختلف مقامات پر ناکہ کر متعدد گاڑیوں کے ڈارک پیپر اتار دیے۔ ایس ایچ او خضدار عبدالستار سارانی نے دکانداروں کو سختی سے تنبیہ کی کہ کسی بھی دکاندار نے گاڑیوں کو ڈارک پیپر لگاتے ہوئے دیکھا گیا تو دکان سیل کی جائے گی اور انکے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔

بقیہ شمال 19

ایس ایچ او صدر پولیس میر محمد نواز جتک کے نگرانی میں ایڈیشنل ایس ایچ او صدر میر محمد قاسم گنگلوزئی نے بھاری نفری کے ہمراہ قومی شاہراہ پر چیکنگ کے دوران ایک موٹر سوار شوکت علی سے آٹھ کلو افیون کی 2 کلو چرس برآمد کرکے ملزم کو گرفتار کر لیا اور ملزم کے خلاف منشیات ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر لیا ہے گرفتار ملزم سے تفتیش جاری ہے

بقیہ شمال 20

لیا اور ڈائریکٹر جنرل نیب کو بھی طلب کیا جبکہ نیب کے پراسیکیوٹر بھی اس موقع پر موجود تھے چیف جسٹس نے پراسیکیوشن کے عمل میں سست روی اور کیسوں کی سماعت میں غیر ضروری تاخیر پر عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے احتساب عدالتوں کے ججوں کو اپنی کارکردگی میں اضافہ کرنے، ڈی جی نیب اور نیب پراسیکیوٹر کو پراسیکیوشن کے عمل کو مزید بہتر بنانے اور گواہوں کو بروقت عدالت میں پیش کرنے کی ہدایت کی جبکہ انہوں نے وکلاء پر زور دیا کہ وہ زیر سماعت کیسوں کو تیز رفتاری سے نمٹانے میں تعاون کریں، چیف جسٹس نے کہا کہ انصاف کی فوری فراہمی اور بدعنوانی کے خاتمے کے ہدف کے حصول کے لئے احتساب عدالتوں میں زیر سماعت کیسوں کی بروقت تکمیل اشد ضروری ہے کیسوں کو نمٹانے کے عمل میں غیر ضروری تاخیر سے نہ صرف انصاف کی فراہمی کا عمل متاثر ہوتا ہے بلکہ ملزمان کو بھی ذہنی اذیت کا سامنا کرنا پڑتا ہے لہٰذا جج وکلاء اور نیب اس ضمن میں اپنے اپنے فرائض کی احسن طریقے سے ادائیگی یقینی بنائیں۔

بقیہ شمال 21

مدارس کے معصوم بچوں کو لانا کونسا جہاد ہے۔ پی ڈی ایم کی قیادت کے کرپشن الزام بے نقاب ہو چکے ہیں، اب یہ عناصر لوگوں کے دینی جذبات سے کھیل کر اپنے مذموم سیاسی مقاصد کو پورا کرنا چاہتے ہیں۔ پیر ڈاکٹر نور الحق نے کہا کہ قوم عنقریب دین فروش عناصر کا احتساب کرے گی۔ مذہب کا لبادہ اوڑھ کر قومی مجرموں کی وکالت شرمناک ہے، عمران خان نے اقوام متحدہ کے پلیٹ فارم پر ناموس رسالت کا نعرہ بلند کرکے امت مسلمہ کی قیادت کا حق ادا کیا ہے۔ ختم نبوت کے غدار پی ڈی ایم کے صفوں میں موجود ہیں۔

بقیہ شمال 22

نے ڈسٹرکٹ پریس کلب صحبت پور (رجسٹرڈ) میں صحافیوں کیساتھ گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ شجاعت علی کھوسہ نے کہا کہ حکومت بلوچستان وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان، صوبائی سیکرٹری صحت نورالحق بلوچ کی خصوصی کاوشوں سے عوام کو صحت کی بہتر بنیادی سہولیات کی فراہمی کا کام تیزی سے جاری ہیں۔ بلوچستان کے دور دراز کے صحت کے مراکز کی ریپئر اور نئی عمارتیں تعمیر کرکے عوام کو صحت کی سہولت فراہم کی جائیں گی۔ ڈپٹی سیکرٹری شجاعت علی کھوسہ نے مزید کہا کہ ڈاکٹرز کی کمی کو پورا کرنے کیلئے 1500 ڈاکٹرز کی ایڈہاک پر بھرتی کا عمل جاری ہے۔ جس کو بہتر طبی سہولیات فراہم کرینگے۔۔

بقیہ شمال 23

دوپہر 2 بجے تک بجلی بند رہے گی نیز اسی روز 132 کے وی گرڈ اسٹیشن لائن سریاب 1 پر صبح 9 بجے سے دن 12 بجے تک جبکہ 132 کے وی TPS لائن پر دن ایک بجے سے شام چار بجے تک ضروری کام کیا جائے گا جس کے باعث تقریبا 50 میگاواٹ کی اضافی برقی قلت پیدا ہوگی جسے لوڈمینجمنٹ کے ذریعے پورا کیا جائے گا۔ تاہم کیسکو نے اس دوران بجلی بندش پر متعلقہ صارفین سے زحمت کیلئے پیشگی معذرت کی ہے۔۔

بقیہ شمال 24

مذمت کرتے ہیں صوبے میں سنی اور شیعہ کو آپس میں لڑانے کیلئے اس طرح کی سازشیں کی جارہی ہیں لیکن ہم دشمن کی ہر ناپاک سازشوں کو ناکام بنا دینگے صوبے میں امن کے قیام کیلئے ہم مشترکہ کوششوں پر یقین رکھتے ہیں انہوں نے کہا کہ صوبے میں بسنے والے تمام عوام آپس میں بھائی بھائی ہیں ہمیں لڑانے کی سازش کرنے والوں کے ناپاک عزائم کو کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دینگے۔

بقیہ شمال 25

لیا تفصیلات کے مطابق ورلڈ بینک کی جانب سے نالی کھدائی کا مزدور سامیرزئی وارڈ چینل کی کھدائی کا کام کر رہے تھے کہ اچانک دستی بم کے قریب زور دار دھماکہ ہوا جس کے نتیجے میں مشین کے اگلے حصے کو جزوی نقصان پہنچا واقع کی اطلاع ملتے ہی قانون نافذ کرنے والے ادارے اور بم ڈسپوزل عملہ جائے وقوعہ پر پہنچ گیا اور پورے علاقے کو گھیرے میں لیا اور دھماکے کی جگہ سے شواہد جمع کئے تاہم دھماکے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا مزید تفتیش جاری ہے۔۔

بقیہ شمال 26

میں وقار بلند کیا شہید اسلامی دنیا کو متحد کرنے والے عالم اسلام کے عظیم رہنما تھے۔ انہوں نے کہا کہ ذوالفقار علی بھٹو نے پاکستان کو ایٹمی طاقت بنایا شہید بھٹو نے پاکستان کے اداروں کو مضبوط کیا اور اقلیتوں کو انکے حقوق دیئے۔ انہوں نے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو پاکستان کے عوامی لیڈر تھے شہید بھٹو نے طاقت کا سرچشمہ عوام کو بنایا اور عوام کو ووٹ کی طاقت دی۔

بقیہ شمال 27

سیکرٹری ظفر علی ظفر، آل پاکستان کلرک اینڈ ٹیکنیکل ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری شمس اللہ کاکڑ ڈائریکٹر شہزادہ فرحت احمد زئی، نور محمد کمیتران، لیئق محمد کمیتران، نجیب اللہ اچکزئی، اشفاق احمد، اسلم صدیقی، منظور احمد کھوسہ، شمس الرحمان، عنایت الرحمان، تیمور خان کاکڑ، عبدالباری مندوخیل، سکندر، بابر، عبدالواحد بلوچ، عدیل احمد، شہزاد احمد اور احسان آغا و دیگر آفیسران اور ملازمین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ احتجاج سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ مطالبات کی منظوری کے لیے مرحلہ وار احتجاج کیا جائے گا۔

بقیہ شمال 28

پر ژوب ایکسائز آئی نارکوٹکس کی کامیاب کارروائی جس میں 9 کلو 195 گرام چرس اور ایک موٹر سائیکل برآمد کیا۔ چیک پوائنٹ سنگر شیرانی انچارج انسپکٹر سلیم مری اسسٹنٹ سب انسپکٹر محمد نعیم، کانسٹیبل سید نجیب اللہ شاہ، کانسٹیبل صادق خان نے کارروائی کی۔

بقیہ شمال 29

سطح اجلاس کی صدارت کی، تفصیلات کے مطابق وزیر اعظم عمران خان کی ہدایت پر وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد خصوصی طیارے میں پیر کی شب کوئٹہ پہنچے کوئٹہ آمد کے انہوں نے سول سیکرٹریٹ کوئٹہ میں سانحہ مچھ کے حوالے سے منعقدہ اعلیٰ سطح اجلاس کی صدارت کی، اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان کیپٹن (ر) فضیل اصغر، آئی جی ایف سی میجر جنرل فیاض حسین شاہ سمیت دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی اس موقع پر شیخ رشید احمد کو سانحہ مچھ اور سیکورٹی صورتحال سے متعلق بریفنگ دی گئی۔

بقیہ شمال 30

کے علاقے بیلہ اور گرد و نواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کئے گئے جن کی شدت ریکٹر سکیل پر 6.3 ریکارڈ کی گئی جبکہ اسکی گہرائی زمین کے اندر 86 کلو میٹر اور زلزلے کا مرکز بیلہ سے 40 کلو میٹر جنوب مغرب میں تھا۔۔

بقیہ شمال 31

افراد کی تعداد 18254 ہوگئی جبکہ 17829 صحت یاب۔ محکمہ صحت کے کورونا وائرس آپریشن سیل کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق پیر کو بلوچستان میں 122 افراد کے کورونا وائرس کے ٹیسٹ کئے گئے جن میں سے 4 اضلاع کوئٹہ، کیچ، لسبیلہ، ژوب سے کورونا وائرس کے 7 کیسز رپورٹ ہونے کے بعد اب تک مجموعی طور پر متاثرہ افراد کی تعداد 18254 ہوگئی ہے جن میں سے اب تک 17829 افراد صحت یاب ہونے کے بعد صوبے میں کورونا وائرس کے فعال مریضوں کی تعداد 240 ہے جبکہ صوبے میں 285 افراد کے ٹیسٹ نتائج آنے باقی ہیں، رپورٹ کے مطابق کورونا وائرس سے صوبے میں اب تک 185 اموات ہوچکی ہیں جبکہ اس وقت صوبے میں پانچ مریضوں کو ہائی آکسیجن فلو پر ہسپتالوں میں داخل کیا گیا جن میں سے کوئی بھی وینٹی لیٹر پر نہیں ہے۔

بقیہ شمال 32

نے ملاقات کی جس میں افغان امن عمل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ سے افغانستان کے لیے امریکی نمائندہ خصوصی زلمے خلیل زاد نے ملاقات کی جس میں خطے کی صورتحال اور افغان امن عمل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر زلمے خلیل زاد کا کہنا تھا کہ علاقائی امن اور دہشت گردی کے خاتمہ میں پاکستان کا کردار قابل ستائش ہے۔

بقیہ شمال 33

تعلقات، اہم علاقائی و عالمی امور سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان کی جانب سے جاری اعلامیہ کے مطابق ملاقات میں پاک۔ یو اے ای دوطرفہ تعلقات، اہم علاقائی و عالمی امور سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان تمام شعبوں بالخصوص دفاعی شعبے اور متعلقہ صنعتوں میں وسیع باہمی تعاون کی گنجائش اور صلاحیت موجود ہے۔ زبیدہ جلال نے اس بات پر زور دیا کہ دونوں ممالک کو دفاعی شعبے سمیت اپنی متعلق صلاحیتوں اور پیداوار کو بڑھانے کے لئے مل کر آگے بڑھنا چاہیے۔

بقیہ شمال 34

سطح اجلاس کی صدارت کی، تفصیلات کے مطابق وزیر اعظم عمران خان کی ہدایت پر وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد خصوصی طیارے میں پیر کی شب کوئٹہ پہنچے کوئٹہ آمد کے انہوں نے سول سیکرٹریٹ کوئٹہ میں سانحہ مچھ کے حوالے سے منعقدہ اعلیٰ سطح اجلاس کی صدارت کی، اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان کیپٹن (ر) فضیل اصغر، آئی جی ایف سی میجر جنرل فیاض حسین شاہ سمیت دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی اس موقع پر شیخ رشید احمد کو سانحہ مچھ اور سیکورٹی صورتحال سے متعلق بریفنگ دی گئی۔۔

بقیہ شمال 35

اداروں کے نجکاری اور انتظامی معاہدوں کو تیز کرے۔ نجکاری سے متعلق قابل عمل منصوبہ ایک ہفتہ کے اندر پیش کیا جائے۔ پیر کو وزیر خزانہ ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ کی زیر صدارت کابینہ کمیٹی برائے نجکاری کا اجلاس ہوا۔ اجلاس میں وزیر توانائی عمر ایوب، مشیر ادارہ جاتی اصلاحات ڈاکٹر عشرت حسین، مشیر تجارت عبدالرزاق داؤد و دیگر نے شرکت کی۔ اعلامیہ کے مطابق نجکاری ڈویژن نے نیشنل پاور پارکس مینجمنٹ کمپنی لمیٹڈ کی نجکاری کی امور پر بریفنگ دی۔ این پی پی ایم سی ایل کے قرض ایکویٹی تناسب کو تبدیل کرنے کے لئے کمیٹی کے سامنے مختلف تجاویز پیش کی گئیں۔

بقیہ شمال 36

حقوق سمیت وسائل کو غصب کرنے کی منفی روش کو کبھی ختم کرنا ہوگا۔ گوادر میں باڑ لگانے اور گوادر کی تقسیم کو کسی صورت قبول نہیں کیا جائے۔ گوادر بلوچ قوم کی ملکیت ہے۔ اس پر کسی کو قابض نہیں ہونے دینگے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کثیر القومی ریاست ہے۔ اور اس ریاست میں بلوچ پشتون سندھی پنجابی اور سرائیکی اپنے تاریخی سرزمین، ثقافت اور شناخت رکھتے ہیں۔ اور قوموں کی تاریخ رہی ہے کہ وہ اپنے تاریخی ورثے پر منظم رہے ہیں اور ملی و قومی بقاء کو جد و جہد سے تعبیر کرتے ہیں۔

بقیہ شمال 37

میں رہی لیکن جنوبی پنجاب ہمیشہ محرومیوں کا شکار رہا۔ انہوں نے کہا کہ (ن) لیگ کے عرصہ اقتدار کے دوران جنوبی پنجاب کے 51 فیصد عوام غربت کی لکیر سے نیچے زندگی بسر کرنے میں مجبور رہی۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں ہر حکومت نے اقتدار میں آکر جنوبی پنجاب کی ترقی کیلئے بلند بانگ دعوے تو کئے تاہم وہاں کے لوگوں کے بنیادی حقوق خصوصا تعلیم وصحت کے لیے کوئی عملی اقدامات نہیں کئے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) 2008ء سے 2018ء تک پنجاب میں 10 برس تک اقتدار میں رہی۔ انہوں نے کہا کہ ن لیگ نے کاغذ کی کارروائی کی حد تک جنوبی پنجاب میں ترقیاتی منصوبوں کیلئے 28 فیصد فنڈز مختص تو کئے مگر درحقیقت محض 17 فیصد خرچ کئے گئے۔

بقیہ شمال 38

میں انہیں ناکامی کے سوا کچھ حاصل نہیں ہوگا۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں حمزہ خان ناصر نے مچھ کے علاقے میں کوئلہ کانوں میں کام کرنے والے بے گناہ مزدوروں کو ذبح کرنے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسے واقعات میں ملوث عناصر کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف کسی کو بھی صوبے اور ملک کا امن خراب کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دے گی حکومت اور سیکورٹی فورسز مچھ واقعہ میں ملوث عناصر کو گرفتار کر کے کیفر کردار تک پہنچائیں گے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا ایسے واقعات کے ذریعے حکومت اور سیکورٹی اداروں کے حوصلوں کو پست نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ مچھ واقعہ صوبے کا امن اور بھائی چارے کی فضا کو خراب کرنے کی مذموم سازش ہے جسے عوام کسی بھی صورت کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ انہوں نے مچھ واقعہ میں جاں بحق ہونے والے افراد کے اہل خانہ سے تعزیت اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعا کی۔

بقیہ شمال 39

واقعات بہت تشویشناک ہے، بلوچستان میں حکومت کہاں اور حکومتی رٹ کہاں ہے، ایسے دلخراش واقعات رونما ہوتے ہیں قومی شاہراہیں بند ہو جاتی ہے جب اس پر آواز بلند کی جاتی ہے تو پھر لوگ پی ڈی ایم پر چڑھائی کرتے ہیں، اسلام آباد جہاں وزیر اعظم، وفاقی وزیر داخلہ اسرکار کے ناک کے نیچے اسامہ ندیم کو قتل کا واقعہ ہوا ہے اس سے انسانیت شرما جائے گی۔

بقیہ شمال 40

ہے، گوادر پورٹ اور سی پیک کے باعث اس خطے کی اہمیت میں اضافہ ہوگیا ہے جبکہ حکومت کی جانب سے یہاں سرمایہ کاری اور کاروبار کیلئے بے شمار مراعات اور سہولیات فراہم کی جارہی ہیں، ضرورت اس امر کی ہے کہ تاجر برادری ان مواقع سے فائدہ اٹھائے اور اپنے کاروبار کو بلوچستان میں وسعت دے، بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ اس سلسلے میں ہر قسم کی معاونت کیلئے تیار ہے، انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ جام کمال کی مدبرانہ قیادت میں بلوچستان ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔

بقیہ شمال 41

مصطفیٰ امیر مولوی نذیر احمد جنرل سیکرٹری حاجی بشارت اللہ آرزئی مولوی محمد حمزہ میر ضیاء رحیم و دیگر نے بھی خطاب کیا اس موقع پر میر گل داد محمد حسنی میر مولا بخش محمد حسنی میر محمد نور محمد حسنی کی اپنے برادری کے سینکڑوں افراد کے ہمراہ بلوچستان عوامی پارٹی سے مستعفی ہوکر جمعیت علماء اسلام میں شمولیت کا اعلان کیا ایم پی اے واشک حاجی میر زاہد علی ریکی نے کہا کہ واشک کی پسماندگی کا ذمہ دار سابقہ عوامی نمائندے ہیں سابقہ نمائندوں نے عوامی فنڈز کو کرپشن کا شکار کیا جبکہ موجودہ حکومت کو عوامی رائے کا احترام نہیں اس لئے واشک کو سیاسی انتقام کا نشانہ بنا کر ہر قسم اجتماعی فنڈز سے محروم رکھا گیا ہے انہوں نے کہا کہ باپ پارٹی واشک سے مستعفی ہوکر جمعیت علماء اسلام میں شامل ہونا سابقہ نمائندوں کی ناانصافی اور ظلم و زیادتی کا نتیجہ ہے باپ پارٹی سے مستعفی ہوکر جمعیت علماء اسلام میں شمولیت کرنے والوں کا نام درج ذیل ہیں میر گل داد محمد حسنی میر مولا بخش محمد حسنی محمد نور محمد حسنی میر بہرام خان سیاپاد و داؤد سلیم سیاپاد و شاہ نظر سیاپاد میر عبدالرحیم سحر میر بہار سحر میر افضل سحر میر سال محمد حسنی میر عطاء اللہ محمد حسنی میر عبدالخالق محمد حسنی میر محمد حیات محمد حسنی میر عظیم محمد حسنی رحم اللہ محمد حسنی محمد امین محمد حسنی میر بہرام محمد حسنی میر خدا بخش محمد حسنی نبی داد محمد حسنی صالح محمد محمد حسنی شکر اللہ محمد حسنی ناصر محمد حسنی غلام خان یاگیزئی محمد حسنی عبدالوحید یاگیزئی نظام الدین محمد حسنی میر رسول بخش کیازئی محمد حسنی شعیب احمد کیازئی محمد حسنی محمد حمزہ کیازئی محمد حسنی عطاء الرحمان کیازئی بھار گل حسنی سال قوم سحر میر روشن محمد حسنی ولید فرید حسنی عبداللہ محمد حسنی کفایت اللہ محمد حسنی و دیگر شامل ہیں۔

بقیہ شمال 42

حکومت اپوزیشن کو زیر کرنے 18 ویں ترمیم کو رول بیک کرنے کیلئے تیار لیکن پولیس ریفارمز کیلئے سنجیدہ نہیں ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ایوان بالا میں اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ سینیٹر ڈاکٹر جہانزیب جمالدینی نے کہا کہ آئین کے تحت عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی ذمہ داری ہے وفاقی وزراء ایوان میں بیٹھے ہیں جو اپوزیشن کو مطمئن کرنے کی خاطر کچھ باتیں کریں گے لیکن بنیادی مسائل پر توجہ ممکن ہے۔

بقیہ شمال 43

بے اختیار کوئی حکومتی رٹ قائم نہیں ہے، مچھ کے متاثرہ خاندانوں سے ٹیلیفون کی بجائے وزیر اعظم کو خود جانا چاہیے تھا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایوان بالا میں اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی صدر و سینیٹر عثمان خان کاکڑ نے کہا کہ 2 سے تین ہزار لوگ دہشتگردی کے واقعات میں شہید ہو چکے ہیں، یہ لوگ محنت مزدوری کرتے ہیں بڑی تعداد میں کوئٹہ سے ہزارہ برادری اسلام آباد، کراچی اور بیرون ملک دہشتگردی کے واقعات کی وجہ سے جا چکے ہیں سیکورٹی نافذ کرنے والے ادارے امن وامان میں مکمل طور پر ناکام ہو چکے ہیں، انہوں نے کہا کہ ان واقعات کی وجہ سے پیپلز پارٹی نے اپنی حکومت ختم کرکے گورنر راج نافذ کیا گیا لیڈر آف دی ہاؤس کہتا ہے کہ وزیر اعظم نے وہاں پر فون کیا ٹیلیفون سے نہیں ہوتا وزیر اعظم جائیں اگر وہ قبول کریں بھی تو ان کیلئے غنیمت ہے، رات کو صوبائی حکومت کا وزیر آیا تھا انہیں تسلیم کیا گیا کہ ان کا اختیار کیا ہے، سول اقتداری ہے اور نہ ہی سویلین حکومت قائم ہے، جن لوگوں نے ذمہ داری قبول کی ہے وہ تمام چیزیں موجود ہے۔ ایسے واقعات کی سخت مذمت کرتے ہیں اور تمام سیاسی جماعتیں اس پر متحد ہوکر ایکشن لیں یہی صورتحال تاتا میں جاری ہے ماورائے آئین قتل کے واقعات روزانہ کی بنیاد پر رونما ہو رہے ہیں۔۔

بقیہ شمال 44

دراڑوں کی خبریں بے بنیاد ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم میں کوئی اختلافات نہیں، پی ڈی ایم میں دراڑوں کی خبریں بے بنیاد ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم میں دراڑوں کے بیانات دینے والے احمقوں کی جنت میں رہ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم میں شامل تمام جماعتیں ایک پیج پر ہیں، پیپلز پارٹی پی ڈی ایم کے فیصلوں اور قراردادوں پر قائم ہے۔ انہوں نے کہا کہ آصف علی زرداری کو اتحادی اور مزاحمتی سیاست کرنا اچھے طریقے سے آتی ہے۔ آصف علی زرداری جیلیں کاٹ چکے ہیں، ہم نہ جیلوں سے نہیں ڈرتے، مذاکرات تب ہی ہوں گے جب نااہل وزیراعظم مستعفی ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی پی ڈی ایم کے فیصلوں کے تابع ہے، ہم نااہل سرکار کو جانے سے پیچھے نہیں ہٹیں گے۔

بقیہ شمال 45

حاجی گلو واز، حشر، قمر مارمہ اور محمد رفیق چھجہ سمیت درجنوں مشران موجود تھے وفاقی وزیر سردار علی امین گنڈاپور کو جناتر مشران نے علاقائی مسائل سے آگاہ کیا جس پر وفاقی وزیر کو کہنا تھا کہ وارن کینال میں ناقص میٹریل استعمال کرنے والے ٹھیکیدار اور محکمہ کے خلاف فوری کارروائی کی جائے گی جبکہ وارن کینال پر مقامی افراد کو بھرتی کیا جائیگا وفاقی وزیر سردار علی امین گنڈاپور کا کہنا تھا کہ ٹانک کے لئے گیارہ ٹیوب ویل منظور ہو چکے ہیں جن میں چھ ٹیوب ویل علاقہ جناتر میں نصب کئے جائیں گے جس سے جناتر میں پینے کے پانی کی قلت کا خاتمہ ہوگا انہوں نے کہا کہ ٹانک میں دس کروڑ روپے کی لاگت سے درجنوں روڈ تعمیر کئے جائیں گے جن میں علاقہ گرہ شہباز سے پیروالہ، کوٹ اللہ داد، گرہ شادہ محریز جمال پائی ورکی روڈ سمیت درجنوں دیہاتوں کی رابطہ سڑکوں کو تعمیر کیا جائیگا جبکہ علاقہ جناتر میں دس سکولوں کو اپ گریڈ اور نئے پرائمری سکول منظور کئے جائیں گے جس سے ٹانک کی پسماندگی کا خاتمہ ممکن ہوگا انہوں نے مزید کہا کہ پیپلیکیشن فنڈ سے ٹانک ٹی روڈ بنائی آب اور عوام کیلئے پبلک پارک بنایا جائیگا جس کا باقاعدہ افتتاح فروری میں ٹانک دورہ کے موقع پر کیا جائیگا جبکہ علاقہ جناتر کی محرومیوں کے ازالہ کیلئے مشران پر مشتمل کمیٹی بنائی جائے گی جو جلد وزیر اعلیٰ سے ملاقات کرکے انہیں ٹانک کے مسائل سے آگاہ کریگی۔۔

بقیہ شمال 46

ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم حکومت اور عوام کے ساتھ مشکل گھڑی میں کندھے سے کندھا ملا کر کھڑے ہیں، حملے میں جاں بحق افراد کے لواحقین سے تعزیت اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا گو ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ پاکستان دہشتگردی کی ہر صورت میں مذمت کے عزم کا اعادہ کرتا ہے۔

بقیہ شمال 47

طور پر چیئرمین کی کرسی پر بٹھایا تاکہ کہنا تھا کہ ژوب ٹاؤن چیئرمین کا عہدہ میرے لیے بڑی ذمہ داری ہے غریب اور نادار افراد کی امانت میں کسی کو خیانت کرنے نہیں دیا جائیگا انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ 138 یونین کونسلز میں مقامی کمیٹیوں کی تشکیل میں میرٹ کے تمام تقاضے پورے کیے جائیں گے۔

بقیہ شمال 48

است محمد ایک بار پھر گندگی کے ڈھیر میں تبدیل ہوتا جا رہا ہے گلی کوچوں میں نالیوں کا پانی ٹھہر گیا ہے، چیف آفیسر مکمل طور پر ناکام ہو چکا ہے، شہر میں صفائی نہ ہونے کی وجہ سے وبائی بیماریاں جنم لینے لگے شہری اس صفائی کے ناقص کارکردگی سے بیزار ہو چکے ہیں، کاروبار بھی بری طرح متاثر ہو رہا ہے لیکن میونسپل کمیٹی کا عملہ اور چیف آفیسر مکمل طور پر ناکام ہو گئے ہیں شہریوں اور عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا کہ اس شہر کی جانب توجہ دیں اور ہمیں بیماریوں سے بچائیں ورنہ ہم احتجاج کا حق رکھتے ہیں۔

بقیہ شمال 49

موجود تھیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مہمان خاص ڈی او ای تکمیل کوثر پروین نے کہا کہ اساتذہ کے لیے تربیتی پروگرام کا انعقاد ایک خوش آئند عمل ہے ایسے پروگراموں سے اساتذہ کی تدریسی صلاحیتیں بہتر ہوگی۔ تربیتی پروگراموں میں سیکھے ہوئے طریقوں کو اپنا کر اساتذہ سکول میں بچوں کو انہیں طریقوں سے علم کے زیور سے آشنا کریں۔ اور تدریس کے عمل کو بہترین انداز میں جاری رکھیں۔ انہوں نے ماسٹر ٹرینرز کا بھی شکریہ ادا کیا اور پاپت ادارے کا بھی شکریہ ادا کیا کہ جنہوں نے اس مرتبہ تونسہ کی اساتذہ کو تربیت کا موقع فراہم کیا۔ اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جی ٹی اے تونسہ کے سینئر نائب صدر جناب اللہ گل نے کہا اساتذہ کے لئے تربیتی کورسز کا انعقاد ضروری ہے تاکہ 21 ویں صدی کے چیلنجز سے نمٹنے کے لئے ہماری اساتذہ ہمہ وقت تیار رہیں۔ اور ان کی علمی استعداد میں اضافہ ہوجائے۔ انہوں نے ماسٹر ٹرینرز اور ڈائریکٹر پاپت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے امید کا اظہار کیا کہ مستقبل میں بھی تونسہ کے اساتذہ کو تربیت کے مواقع فراہم کئے جائیں گے۔ تقریب کے اختتام پر ماسٹر ٹرینرز جناب اقبال اور محترمہ شمشاد نثار نے تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کیا اور آخر میں مہمان خاص، دیگر مہمانان گرامی اور ماسٹر ٹرینرز نے تربیت میں حصہ لینے والی خواتین اساتذہ میں اسناد تقسیم کی۔۔

بقیہ شمال 50

خیالات کا اظہار رحمت اللہ سردار اقوام زہری وصوبائی مشیر ایس اینڈ جی اے ڈی سردار سرفراز خان زہری نے اپنے بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ ترقیاتی اسکیمات اور عوامی اجتماعی منصوبوں پر کروڑوں روپے کے ترقیاتی کام جاری ہیں جاگ تا بختیار آباد روڈ کی تکمیل، بختیار آباد شہر کے بچوں پختہ بختیار آباد شہر کے گلی کوچوں گلیوں راستوں کو پختہ کرنا بھی کے بجلی گی جیسے میں بلیک ٹاپ روڈ شفٹ بال سمیت محکمہ صحت اور تعلیمی اداروں کے بلڈنگ سمیت دیگر کلمتوں پر بھی کام زور و شور کیساتھ جاری ہے حلقہ انتخاب کے عوام کی بلا رنگ و نسل مذہب خدمت کرنا اپنے لیے اعزاز سمجھتے ہیں علاقے میں زندگی کی بنیادی سہولیات کی فراہمی جو کہ حلقہ انتخاب کے عوام کا بنیادی حق ہے جس کو ہر حال میں پورا کرینگے عوام کو کسی حال میں بھی نہ تو مایوس ہونے کی ضرورت ہے اور نہ ہی اپنے عوام کو کسی کے رحم و کرم پر چھوڑینگے۔

بقیہ شمال 51

عطاء اللہ کھوسہ ضلعی صدر مولانا زکریا ذاکر مولانا حزب اللہ عثمانی مولوی عبدالقیوم شیرانی نجیب اللہ عابد مولانا عطاء محمد کاکڑ حاجی جعفر خان حاجی محمد ولی عمران زئی و دیگر نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں گزشتہ روز مچھ میں غریب کانکنوں کے بے دردانہ قتل کے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ بیگناہ انسانوں کا قتل کھلی دہشت گردی ہے اس قسم کے واقعات میں دشمنان اسلام اور پاکستان ملوث ہیں دشمن کی ہمیشہ یہ خواہش اور کوشش ہوتی ہے کہ وہ اسلام اور پاکستان کو بدسے بدنام کریں، حکومت کے یہ دعوے کہ ہم نے دشمنوں کا صفایا کر دیا جھوٹ کے سوا کچھ نہیں ہم متاثرین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔۔

بقیہ شمال 52

کمشنر لسبیلہ کا پی ایچ ای حکام سے رابطہ پانی کی جلد بحالی کی یقین دہانی، تفصیلات کے مطابق سب تحصیل لیاری میں گزشتہ ایک ماہ سے پانی کی بندش نے عوام کو مشکلات میں ڈال دیا محکمہ پی ایچ ای لسبیلہ کی ناقص کارکردگی سے لیاری کے عوام گزشتہ ایک ماہ سے پینے کے پانی کو ترس گئے۔ لیاری کے ایک وفد نے قبائلی شخصیت سردار عبدالرشید چھورائی کی قیادت میں ڈپٹی کمشنر لسبیلہ ڈاکٹر حسن وقار چیمہ سے ملاقات کی اور سب تحصیل لیاری میں ایک ماہ سے پانی کی بندش کے متعلق آگاہ کیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر لسبیلہ کا کہنا تھا کہ محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے ذمہ داران سے بات کی ہے انشاء اللہ اس مسئلے کو فوری حل کیا جائیگا لسبیلہ کی انتظامیہ عوام کے مسائل حل کرنے میں کوئی کسر باقی نہیں چھوڑے گی انہوں نے کہا کہ لیاری میں پانی کی سپلائی بہت جلد بحالی کی جائے گی۔ وفد میں منظور احمد گوگل، محمد امین براہوء، اسد اللہ براہوء، محمد وسیم براہوء، پیر بخش خاصخیلی، غلام رسول خاصخیلی، عطاء اللہ محمد رمضان، غوث بخش، محمد ایوب و دیگر شامل تھے۔۔

بقیہ شمال 53

طور رکھتے ہوئے کھیلا گیا گرلز ایونٹ میں فائنل میچ زارا افضل اور لطیف کے درمیان کھیلا گیا جس میں زارا نے اپنی حریف کو 6-4 اور 6-3 کے اسکور سے شکست دی جبکہ انڈر (10) بوائز کیٹگری میں عبداللہ نے عظیم کے خلاف کامیابی سمیٹی اور فائنل اپنے نام کیا مینز ڈبلز کے مقابلوں کا فائنل مظفر احمد اور محمد رمضان اور خالد خان، اقبال الدین کے درمیان ہوا جس کو مظفر احمد، محمد رمضان نے 7-5، 6-4 کے اسکور سے جیت لیا اور ٹورنامنٹ اپنے نام کیا بعد ازاں ٹورنامنٹ کی اختتامی تقریب کے موقع پر ممتاز یوسف سینئر نائب صدر بی ٹی اے اور آصف لانگو اسسٹنٹ ڈائریکٹر اسپورٹس نے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے اس موقع پر آصف لانگو نے ایسوسی ایشن کے صدر جسٹس چوہدری اعجاز یوسف کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے اس ٹورنامنٹ کے انعقاد میں دلچسپی لی اور کھلاڑیوں کو بہترین ایکیوپمنٹ مہیا کی اس موقع پر ممتاز یوسف کے کھلاڑیوں سے خطاب کرتے ہوئے انکے کھیل کو سراہا اور جیتنے والے کھلاڑیوں کو مبارکباد پیش کی انہوں نے سیکرٹری اسپورٹس عمران گچکی اور ڈی جی اسپورٹس درا بلوچ کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ شمال 54

کمشنر پنجگور حفیظ اللہ کو سیکشن آفیسر سیکنڈری ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ تعینات کردیا گیا۔

بقیہ شمال 55

بوجھ کر ضروری طریقہ کار سے اجتناب کرتے ہوئے مقدمے کی رفتار تیز کردی۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ اس سے ان کے عدالتی قتل کرنے کے ارادوں کی عکاسی ہوتی ہے۔۔

بقیہ شمال 56

اور صوبائی حکومت کی سنگ دلی، بے حسی اور نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ رہنما مسلم لیگ ن نے کہا کہ ایسی حکومت کو عوام پر مسلط رہنے کا کوئی حق نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم کی ہمدردیاں اپنے مظلوم بھائیوں کے ساتھ ہیں۔

بقیہ شمال 57

کارڈ کے اجراء پر پیش رفت سے آگاہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ وزیر اعظم کی ہدایات کے عین مطابق پنجاب کے 100 فی صد خاندانوں کو بارہ ماہ کے اندر فی خاندان سات لاکھ میں ہزار کے ہیلتھ کارڈ کا اجراء مکمل کر لیا جائے گا۔ رواں مالی سال جون تک پنجاب کی 45 فی صد آبادی جس میں ساہیوال اور ڈیرہ غازی خان ڈویژن کے سات اضلاع شامل ہیں میں ہیلتھ کارڈ کا اجراء مکمل ہو جائے گا باقی اضلاع میں ہیلتھ کارڈ کا اجراء دسمبر 2021 تک مکمل کرکے پورے پنجاب کو ہیلتھ کارڈ جاری کرنے کا ہدف پورا کرلیا جائیگا۔ ڈاکٹر یاسمین راشد نے وزیراعظم کو بتایا کہ ہیلتھ کارڈ سے کسی بھی سرکاری اور پینل پر موجود نجی ہسپتالوں سے علاج معالجے کی سہولیات حاصل کی جا سکیں گی۔ وزیر اعظم نے ان اقدامات کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ سستی بنیادی صحت کی سہولیات کی ہر شہری تک رسائی حکومت کی اولین ترجیح ہے، حکومت سرکاری ہسپتالوں میں انتظام کی بہتری کے ساتھ ساتھ نجی ہسپتالوں کو سستی زمین فراہم کرکے اس بات کو یقینی بنانے جارہی ہے کہ غریب گھرانوں میں بیماری کی صورت میں وسائل کی عدم دستیابی پر کوئی علاج سے محروم نہ رہے۔

بقیہ شمال 58

کے بھتیجے ملک مولاداد شیرانی ڈی ایس پی رحیم داد اور صحافی کریم داد شیرانی کے پھپھازاد بھائی تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ دو گلی ننگلی میں ادا کی گئی نماز جنازہ میں ہزاروں افراد شریک ہوئے۔ کے بھتیجے ملک مولاداد شیرانی ڈی ایس پی رحیم داد اور صحافی کریم داد شیرانی کے پھپھازاد بھائی تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ دو گلی ننگلی میں ادا کی گئی نماز جنازہ میں ہزاروں افراد شریک ہوئے۔

بقیہ شمال 59

زرداری نے کہا کہ جیالوں کا عزم و حوصلہ ہی پیپلز پارٹی کا سب سے بڑا سرمایہ ہے، جس پر ہمیں فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ حیدرآباد پیپلز پارٹی کا قلعہ ہے۔ شہر کے مسائل اور اس کی ترقی کے لئے ہر ممکن قدم اٹھائیں گے۔

بقیہ شمال 60

ان کے پیٹ میں جنوبی پنجاب کیلئے مروڑ اٹھ رہے ہیں۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ عوام نے عام انتخابات میں ان چوروں، لٹیروں اور ڈاکوؤں کو ووٹ کی طاقت سے بھگایا۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف کی حکومت نے جنوبی پنجاب کے عوام کا مان رکھا ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار نے جنوبی پنجاب کے عوام کو ان کا حق دیا ہے اور جنوبی پنجاب سیکرٹریٹ کے قیام سے عوام کے مسائل مقامی طور پر حل ہو رہے ہیں۔ جنوبی پنجاب کے لوگ وزیر اعظم عمران خان اور وزیر اعلیٰ عثمان بزدار سے محبت کرتے ہیں۔ تحریک انصاف کی حکومت نے عملی اقدامات کرکے جنوبی پنجاب کی ٹھوس ترقی و خوشحالی کی بنیاد رکھی ہے۔ تحریک انصاف کی حکومت نے جنوبی پنجاب سیکرٹریٹ بنایا ہے اور الگ صوبہ بھی بنائے گی۔ کورونا، جنوبی پنجاب اور دیگر ایشوز پر سیاست چمکانے والوں کی عقل پر ماتم ہی کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کورونا میں دکھی انسانیت کو تنہا چھوڑنے والے عناصر خود تنہا ہو چکے ہیں۔ پنجاب میں کورونا کے مریضوں کی تعداد 140,714 تک پہنچ گئی ہے۔ 24 گھنٹے میں کورونا کے 526 نئے کیس سامنے آئے اور 15 افراد جاں بحق ہوئے، کورونا سے جاں بحق ہونے والے مریضوں کی تعداد 4,124 تک پہنچ چکی ہے۔۔

بقیہ شمال 61

میں اضافہ ہو رہا ہے سانگھڑ میں پہلی بار یونیورسٹی سے ڈگری ہولڈر وقار سلطمری اور احسن سلطری نے باہمت ہونے کا ثبوت دیتے ہوئے سانگھڑ میں ماہر اور تجربات کار باورچی کے تعاون سے حق باہو باربی کیو اینڈ پیزا کا قیام لایا گیا ہے جہاں بیک وقت باربی کیو کے ساتھ پیزا کے 12 سے زائد اقسام موجود ہیں انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ کے شہید بےنظیر آباد کے انچارج شفیق میمن نے انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ کے افسران و میڈیا نمائندوں کے ساتھ حق باہو باربی کیو اینڈ پیزا پوائنٹ کا وزٹ کیا انہوں نے مختلف شعبوں کا وزٹ کیا اور معلومات حاصل کی اس موقع پر شفیق میمن نے نوجوان وقار سلطمری اور احسن سلطری کی اقدامات کی تعریف کی انہوں نے ان کو ہدایت کی کہ وہ پوائنٹ پر آنے والوں کے ساتھ حسن اخلاق سے پیش آنے کے ساتھ صفائی پر خصوصی توجہ دیں تاکہ آپ کے کام کو دیکھتے ہوئے مزید پڑھے لکھے نوجوان اچھی نوکری ملنے تک عوام کے درمیان رہیں اور عوامی مسائل سے آگاہ بھی رہیں جب وہ بڑے عہدے پر فائز ہوں ان کو عوام کا احساس ہو انہوں نے نوجوانوں کی حوصلہ افزائی اور ترقی کے لئے دعا بھی کرائی۔

بقیہ شمال 62

بازار شامل ہیں۔ چیئرمین انفلر منظور نے کہا کہ پنجاب حکومت عوامی مقامات پر مفت انٹرنیٹ سہولت کی فراہمی کے لئے پرعزم ہے اور پنجاب وائی فائی منصوبے کو ڈیجیٹل پنجاب ویژن کے تحت پورے پنجاب میں پھیلایا جائے گا۔۔

بقیہ شمال 63

کے لیے تخمینہ ایک ملین ڈالر کو تعلیمی ڈھانچہ اور سہولیات کی فراہمی پر صرف کرنے کے لیے منصوبہ بندی کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ مارکیٹ کی ڈیمانڈ کے مطابق نوجوانوں کے لیے نئے پروگرام شروع کیے جائیں، سی پیک سے صوبے میں روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت ایسے فلیگ شپ پروگرام ترتیب دے جن سے تعلیم یافتہ نوجوانوں کو روزگار میسر آسکے، خیبر پختونخوا اور چین کی یونیورسٹیوں کے مابین فنی تعلیم کے فروغ کے لیے معاہدے کروائے جائیں۔

NOTICE INVITING TENDER

The Executive Engineer (Building), PP&H Department District Khuzdar invites sealed percentage tender based on composite schedule of rates 2018, G.o.B. amended up-to-date from interested contractors / firms for the work listed below: Time Limit 30-06-2021 for each work.

S#	Name of Work	E/Cost
1	Construction of Building for BHU at Killi Chanaro Kulachi Zeedi District Khuzdar PSDP No. 1559 (Z2020.0671). **TS180523E**	6.950 M
2	Construction of tourism rest house camping sites and huts at moola Chotok Khuzdar. PSDP No. 240 (Z2020.0603). **TS180524E**	93.08 M
3	Establishment of Multipurpose accom: centers for catering the needs of the counter terrorism wing (CTW) Quick response force (QRF) & Socio economic unit. 296 (Z2020.0630). **TS180527E**	96.036 M
4	Construction of Footbal stadium at Killi Muhammad Alim Tehsil Wadh District Khuzdar. **TS180531E**	15.841 M

The earnest money for each work is 2% of total cost & tender fee S.No. 1 and 4 is Rs.2000 and S.No 2 and 3 is Rs. 4000. The procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory Authority rules, 2014 ***BASIC ELIGIBILITY:*** The Contractor must have valid registration with Pakistan Engineering Council in relevant Category and registration with tax authorities i.e. (NTN and Sales Tax Department, BRA etc), where applicable. ***METHOD OF PROCUREMENT:*** Single stage-One envelop. ***BIDDING / TENDER DOCUMENTS: Issuance:*** The contractors/firms having registered with PEC in aforementioned category in relevant discipline can obtain the bidding documents from the address mentioned below on production of green challan deposited in the head of account C-02716 through Government Treasury/National bank of Pakistan or can be downloaded from website of BPPRA, from the date of publication of this invitation in newspapers till one day prior to the last date of submission. The contractors/firms who obtain bidding documents by downloading them from BPPRA website will also be required to produce deposited green challan form of above mentioned fee. The documents if requested by mail will be promptly dispatched by registered mail for which cost of mail will be borne by the applicant, however, under no circumstances the Procuring Agency will be held responsible for late delivery or loss of the documents so mailed. Earnest Money as mentioned above should be submitted in the form of bank guarantee or Deposit at Call from a scheduled Bank ***Dead line of Submission:*** The Bidding Documents duly filled and attached with copies of supporting documents must be delivered in sealed envelopes by hand or through registered mail to the address mentioned below on or before ***19-01-2021*** at 12:00 Pm ***Opening:*** The tender document will be opened on ***19-01-2021*** at 1:00 PM. Before procurement committee in the presence of contractors or their authorized representatives / agents. ***Place of issuance and submission will be:-*** Address: Office of the Executive Engineer-(Building), PP&H Department District Khuzdar. Telephone No: 0848-412808, E-mail Address:

Executive Engineer (Building)
PP&H Department District Khuzdar

PRQ No.1701/04.01.2021

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

The Lasbela Industrial Estates Development Authority invites sealed bids from eligible Bidders for Supply of I.T Equipment's. Bid Security 2%, Tender fee Rs.3000 for the work.

S.#	Name of Items	R/Qty
1	Purchase of Desktop Computers, Laptops and Other IT Equipment's	As Per Bidding Documents

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. ***Eligibility of Bidders:*** (a) The bidder must have completed 5 assignments of similar nature of work in last 3 years. (b) Turnover of at least PKR 5,000,000/- in last three years showing financial capacity of the firm. (c) Registration with relevant taxation departments. ***Bid Security:*** The bids must accompany Bid Security in the form of Call Deposit or Bank Guarantee of amount specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. ***Tender Documents:*** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed upon payment (non refundable) bidding document fee (amount mentioned above) as pay order. (The NIT & Bidding Document can also be downloaded from www.bppra.org.pk under TS180573E & LIEDA official website www.lieda.gov.pk. ***Issuance of tender Documents:*** From the date of publication of NIT to ***January 22, 2021,*** during office hours on working days. ***Last Date of bid submission:*** The Tenders must be submitted latest by ***January 22 2021*** 11:30AM at the office of the undersigned. ***Tender opening:*** All tenders will be opened on ***January 22, 2021*** at the office of the under-signed at 1200 hours. ***Address:*** Managing Director Lasbela Industrial Estates Development Authority at Hub. Phone no. 0853-303361 Email: info@lieda.gov.pk.

MANAGING DIRECTOR
Lasbela Industrial Estates Development Authority

AB No.296.04.01.2021

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

Daily SHAL Quetta
روزنامہ شال کوئٹہ
05 جنوری 2021ء

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی کو بیج امتیاز حیدر اپنے ہاتھ سے لکھے ہوئے قرآن مجید کے نسخے سے متعلق تفصیلات بتا رہے ہیں

پی ڈی ایم میں کوئی اختلافات نہیں، شیری رحمن

پی ڈی ایم میں دراڑوں کے بیانات دینے والے احمقوں کی جنت میں رہ رہے ہیں، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی نائب صدر شیری رحمن نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم میں کوئی اختلافات نہیں، پی ڈی ایم میں دراڑوں کے بیانات دینے والے احمقوں کی جنت میں رہ رہے ہیں، پیپلز پارٹی پی ڈی ایم کے فیصلوں اور قراردادوں پر قائم ہے، مذاکرات تب ہی ہوں گے جب نااہل وزیراعظم مستعفی ہوں گے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم میں

بقیہ نمبر44 صفحہ3 پر

بلوچستان میں ہونے والی دہشت گردی میں امریکہ، اسرائیل، بھارت ملوث ہیں، تحریک جوانان پاکستان کے قائم مقام صدر سید ثناء اللہ آغا

کوئٹہ (این این آئی) تحریک جوانان پاکستان کے قائم مقام صدر سید ثناء اللہ آغا جنرل سیکرٹری میر غفار باریچی نے مچھ کے علاقے میں کوئلہ کان میں کام کرنے والے مزدوروں کے قتل کو کھلی دہشت گردی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں ہونے والی دہشت گردی میں امریکہ، اسرائیل، بھارت ملوث ہیں۔

ٹانک ملک کا سب سے پسماندہ ضلع، ذمہ دار منتخب نمائندے ہیں، سردار علی امین گنڈاپور

جان بوجھ کر ٹانک کو پسماندہ رکھا، جناتر کی عوام آج بھی پانی کی بوند بوند کو ترس رہی ہے محرومیوں کا ازالہ کریں گے، وفاقی وزیر امور کشمیر

ٹانک (این این آئی) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر سردار علی امین گنڈاپور نے کہا ہے کہ ٹانک ملک کا سب سے پسماندہ ضلع ہے جس کے ذمہ دار ٹانک کے منتخب نمائندے ہیں جنہوں نے ٹانک کو جان بوجھ کر پسماندہ رکھا، جناتر کی عوام آج بھی پانی کی بوند بوند کو ترس رہی ہے جناتر سمیت ٹانک کی محرومیوں کا ازالہ کریں گے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے چیف آف جناتر ملک امیر کوٹ اللہ داد کی سربراہی میں ملنے والے وفد سے گفتگو کے دوران کیا جس میں پاکستان تحریک انصاف کے ضلعی صدر عرفان خان کنڈی، جنرل سیکرٹری ملک نجیب اللہ محسود، تحصیل صدر معین الدین گنڈاپور، علاقہ جناتر کے مشران ملازم حسین تحصیلدار، محمد نور اکاخیل، منظیر شاہ، حاجی رمضان ڈال، عاشق نورنگ، علاؤ الدین محسود، ملک عرفان، ملک سافر، ملک غلام عباس،

بقیہ نمبر45 صفحہ3 پر

پاکستان کی نائجر میں دہشتگرد حملے کی شدید مذمت، قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر افسوس کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے نائجر میں دہشتگرد حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ نائجر میں دہشتگرد حملے کی شدید مذمت کرتے ہیں، نائجر کے سرحدی گاؤں میں دہشتگرد حملے کے نتیجے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر افسوس

بقیہ نمبر46 صفحہ3 پر

واشک کی پسماندگی کا ذمہ دار سابقہ عوامی نمائندے ہیں، زاہد علی ریکی

پسماندگی و بدحالی کا ذمہ دار سابقہ عوامی نمائندے ہیں جنھوں نے عوام کے حقوق پر ڈاکہ ڈال کر ضلع کو پسماندہ رکھا

باپ پارٹی سے مستعفی ہو کر جمعیت علماء اسلام میں شمولیت کرنے والوں کا نام ذیل ہیں' رکن صوبائی اسمبلی

واشک (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے رکن صوبائی اسمبلی حاجی میر زاہد علی ریکی نے کہا ہے کہ واشک بلوچستان کا پسماندہ ترین ضلع ہے جسکی پسماندگی و بدحالی کا ذمہ دار سابقہ عوامی نمائندے ہیں جنھوں نے عوام کے حقوق پر ڈاکہ ڈال کر ضلع کو پسماندہ رکھا۔ انہوں نے کہا کہ ہم ظلم وناانصافی کے خلاف میدان بر سر پیکار ہیں ان خیالات کا اظہار بلوچستان عوامی پارٹی واشک کے سرگروہ میر گل واد محمد حسنی میر مولا بخش حسنی میر محمد نور محمد حسنی کی اپنے برداری سمیت جمعیت علماء اسلام میں شمولیت کے موقع پر میر گل واد محمد حسنی میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا تقریب سے جمعیت علماء اسلام کے

بقیہ نمبر41 صفحہ3 پر

لاہور: مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف کو احتساب عدالت میں پیشی کے لئے لایا جا رہا ہے

صوبائی بیوروکریسی میں تقرریاں وتبادلے قادر بخش پرکانی کو آئی جی جیل خانہ جات کا اضافی چارج دے دیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی بیوروکریسی میں تقرریاں وتبادلے قادر بخش پرکانی کو آئی جی جیل خانہ جات کا اضافی چارج دے دیا گیا۔ چیف سیکرٹری بلوچستان کیپٹن (ر) فضیل اصغر کے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق طارق حسین کو اسسٹنٹ کمشنر جھنگ اسسٹنٹ

بقیہ نمبر54 صفحہ3 پر

مچھ واقعہ میں ملوث عناصر انسان کہلانے کے بھی مستحق نہیں ہیں، ثوبیہ کرن کبزئی

ملک دشمن عناصر نے مچھ کے علاقے میں بے گناہ کانکنوں کو نشانہ بنا کر ملک میں افراتفری پیدا کرنے کی کوشش کی ہے' سابق صوبائی وزیر

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کی مرکزی رہنما و سابق صوبائی وزیر ثوبیہ کرن کبزئی نے کہا ہے کہ ملک دشمن عناصر نے مچھ کے علاقے میں بے گناہ کانکنوں کو نشانہ بنا کر ملک میں افراتفری پیدا کرنے کی کوشش کی ہے مچھ واقعہ میں ملوث عناصر انسان کہلانے کے بھی مستحق نہیں ہیں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں ثوبیہ کرن کبزئی نے کہا کہ مچھ کے علاقے میں ملک دشمن عناصر نے بے گناہ کانکنوں کو ذبح کر کے اپنے غیر ملکی آقاؤں کو خوش کرنے کی کوشش ہے مچھ واقعہ کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔

مچھ میں فرقہ وارانہ دہشتگردی کی واردات قابل مذمت ہے، حکومت کو نہ کام آتا ہے اور نہ ہی زخموں پر مرہم رکھنا آتا ہے، مریم نواز

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ ن کی نائب صدر مریم نواز نے کہا ہے کہ مچھ میں فرقہ وارانہ دہشت گردی کی واردات قابل مذمت ہے، حکومت کو نہ کام آتا ہے اور نہ ہی زخموں پر مرہم رکھنا آتا ہے۔ مریم نواز نے اپنے بیان میں کہا کہ مچھ واردات وفاقی

بقیہ نمبر56 صفحہ3 پر

بھارتی انتظامیہ نے آسیہ اندرابی کے مضحکہ خیز مقدمے کا آغاز کر دیا ہے، دفتر خارجہ

جان بوجھ کر ضروری طریقہ کار سے اجتناب کرتے ہوئے مقدمے کی رفتار تیز کر دی گئی، ترجمان زاہد حفیظ چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ بھارتی انتظامیہ نے آسیہ اندرابی کے مضحکہ خیز مقدمے کا آغاز کر دیا ہے اور جان بوجھ کر ضروری طریقہ کار سے اجتناب کرتے ہوئے مقدمے کی رفتار تیز کر دی۔ ترجمان دفتر خارجہ زاہد حفیظ چوہدری نے اپنے ٹوئٹ پیغام میں کہا ہے کہ بھارتی انتظامیہ نے آسیہ اندرابی کے مضحکہ خیز مقدمے کا آغاز کر دیا ہے اور جان

بقیہ نمبر55 صفحہ3 پر

مہنگائی بڑا عوامی، سیاسی اور معاشی چیلنج بن گئی ہے، میاں زاہد حسین

مہنگائی کنٹرول کی ہفتہ وار میٹنگز مذاق بن گئی ہیں، تیل قیمت میں اضافہ سے مہنگائی بڑھے گی، چیئرمین نیشنل بزنس گروپ

کراچی (این این آئی) ایف پی سی سی آئی کے نیشنل بزنس گروپ کے چیئرمین، پاکستان بزنس مین اینڈ انٹلیکچولز فورم وآل کراچی انڈسٹریل الائنس کے صدر اور سابق صوبائی وزیر میاں زاہد حسین نے کہا ہے کہ مسلسل بڑھتی ہوئی مہنگائی عوام سیاست اور معیشت کے لئے بڑا چیلنج بن گئی ہے جس پر قابو پانے کی کوئی کوشش کامیاب نہیں ہو رہی ہے۔ مہنگائی پر کنٹرول کے لئے ہفتہ وار میٹنگز اور صوبوں ومحکموں کو سخت اقدامات کرنے کی ہدایت ایک معمول اور مذاق بن گئی ہے۔ میاں زاہد حسین نے کاروباری برادری سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔

سابق ڈائریکٹر جنرل فشریز بلوچستان منیر احمد موسیانی کو معطل کر دیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) سابق ڈائریکٹر جنرل فشریز بلوچستان منیر احمد موسیانی کو معطل کر دیا گیا، تفصیلات کے مطابق پیر کو چیف سیکرٹری بلوچستان نے گریڈ 18 کے آفیسر سابق ڈائریکٹر جنرل فشریز بلوچستان منیر احمد موسیانی کو نیب کیس میں 30 دسمبر کو گرفتار ہونے کے بعد معطل کر دیا ہے اگلی معطلی کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا۔

بلاول بھٹو زرداری سے پیپلز پارٹی ضلع حیدرآباد کے صدر کی ملاقات، تنظیمی معاملات پر بریفنگ

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے پیپلز پارٹی ضلع حیدرآباد کے صدر صغیر قریشی نے پیر کو بلاول ہاؤس کراچی میں ملاقات کی۔ صغیر قریشی نے پارٹی چیئرمین کو حیدرآباد کی سیاسی صورتحال اور تنظیمی معاملات پر بریفنگ دی۔ انہوں نے چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کو بتایا کہ حیدرآباد کے جیالے پی ڈی ایم کی تحریک میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہے ہیں۔ اس موقع پر بلاول بھٹو

بقیہ نمبر59 صفحہ3 پر

جب تک ہم خود نہیں بدلیں گے نظام بدلنے سے کوئی فرق نہیں پڑے گا، شبر زیدی

قوم کو بہترین موقع ملا ہے کہ وہ اپنے لیڈر کے ساتھ مل کر اس معاشرے کو بدلنے کی جدوجہد کریں، سابق چیئرمین ایف بی آر

اگر آج عمران خان کا ساتھ نہ دیا اور مخالفت برائے مخالفت کی تو پھر یاد رکھیں کہ یہ قوم روئے گی لیکن کوئی چپ کرانے والا نہیں ہوگا

کراچی (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کے سابق چیئرمین شبر زیدی نے کہا ہے کہ جب ہم خود بدلنا نہیں چاہتے تو چاہے فوج آئے یا عمران، صدارتی نظام ہو یا شریعت، کوئی مائی کا لال ہمیں بدل نہیں سکتا، قوم کو بہترین موقع ملا ہے کہ وہ اپنے لیڈر کے ساتھ مل کر اس معاشرے کو بدلنے کی جدوجہد کریں، عمران خان اکیلا کچھ نہیں کر سکتا، اگر آج عمران خان کا ساتھ نہ دیا اور مخالفت برائے مخالفت کی تو پھر یاد رکھیں کہ یہ قوم روئے گی لیکن ان کو چپ کرانے والا کوئی نہیں ہوگا۔

مچھ واقعہ پر تمام سیاسی جماعتوں کو متحد ہو کر آواز بلند کرنی چاہیے، عثمان کاکڑ

بلوچستان میں صوبائی حکومت بے اختیار کوئی حکومتی رٹ قائم نہیں ہے، 2 سے تین ہزار لوگ دہشتگردی کے واقعات میں شہید ہو چکے ہیں

قانون نافذ کرنے والے اداروں سمیت وفاقی اور صوبائی حکومتیں صوبے میں امن وامان کے قیام میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے' سینیٹر

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی صدر و سینیٹر عثمان خان کاکڑ نے کہا ہے کہ مچھ میں ہزارہ برادری کے ساتھ پیش آنے والے واقعہ پر تمام سیاسی جماعتوں کو متحد ہو کر آواز بلند کرنی چاہیے، قانون نافذ کرنے والے اداروں سمیت وفاقی اور صوبائی حکومتیں صوبے میں امن وامان کے قیام میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے، بلوچستان میں صوبائی حکومت

بقیہ نمبر43 صفحہ3 پر

سرکاری ملازمین کی تنخواہوں سے ٹیکسوں میں بھی اضافی ودہولڈنگ ویلتھ ٹیکس کے نام پر کٹوتی کا سلسلہ شروع کر دیا گیا

سجاول (این این آئی) سرکاری ملازمین کی تنخواہوں سے ٹیکسوں میں بھی اضافی ودہولڈنگ ویلتھ ٹیکس کے نام پر کٹوتی کا سلسلہ شروع کر دیا گیا۔ سجاول میں یہ انکشاف اس وقت ہوا جب گریڈ سولہ کے ملازمین نے اپنی تنخواہ آنے کے بعد بینک چیک کرایا تو

بقیہ نمبر65 صفحہ3 پر

اسمگلنگ، گزشتہ سال محصولات میں 500 ارب روپے سالانہ سے زائد کے نقصان کا انکشاف

کراچی (این این آئی) اسمگلنگ کے باعث گزشتہ سال محصولات میں 500 ارب روپے سالانہ سے زائد کا نقصان پہنچنے کا انکشاف ہوا ہے۔ صرف موبائل فونز کی اسمگلنگ سے 77 کروڑ 60 لاکھ

بقیہ نمبر66 صفحہ3 پر

(ن) لیگ پنجاب میں 21 سال تک اقتدار میں رہی، جنوبی پنجاب ہمیشہ محرومیوں کا شکار رہا، خسرو بختیار

تحریک انصاف وفاق کی نمائندہ جماعت ہونے کے ساتھ کم ترقی یافتہ خطے کے مساوی حقوق پر یقین رکھتی ہے، وفاقی وزیر کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خسرو بختیار نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) پنجاب میں 21 سال تک اقتدار میں رہی مگر جنوبی پنجاب ہمیشہ محرومیوں کا شکار رہا، ن لیگ نے ہمیشہ تقسیم کی سیاست کی ہے جس کا مقصد جنوبی پنجاب کی عوام کو ان کے اصل حقوق اور الگ صوبے کے حصول سے محروم رکھنا ہے۔ تحریک انصاف وفاق کی نمائندہ جماعت ہونے کے ساتھ کم ترقی یافتہ خطے کے مساوی حقوق پر یقین رکھتی ہے، جنوبی پنجاب کی باشعور عوام تحریک انصاف اور وزیراعظم عمران خان کے ساتھ کھڑی ہے۔ پیر کو اپنے بیان میں وفاقی وزیر نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) پنجاب میں 21 برس تک اقتدار

بقیہ نمبر37 صفحہ3 پر

اسلام سمیت کوئی بھی مذہب اس طرح کے انسانیت سوز واقعہ کی اجازت نہیں دیتا، صوبائی رہنما حمزہ خان ناصر

مچھ واقعہ میں ملوث عناصر صوبے میں انتشار پیدا کرنا چاہتے ہیں جس میں انہیں ناکامی کے سوا کچھ حاصل نہیں ہوگا، پاکستان تحریک انصاف

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے صوبائی رہنما حمزہ خان ناصر نے مچھ کے علاقے گیشتری کول مائنز میں نامعلوم افراد کی جانب سے 11 کانکنوں کو ہاتھ پاؤں باندھ کر ذبح کرنے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسلام سمیت کوئی بھی مذہب اس طرح کے انسانیت سوز واقعہ کی اجازت نہیں دیتا مچھ واقعہ میں ملوث عناصر صوبے میں انتشار پیدا کرنا چاہتے ہیں جس

بقیہ نمبر38 صفحہ3 پر

زکوٰۃ کی منصفانہ اور شفاف تقسیم اولین ترجیحات میں شامل ہے' سکندر سلطان القادری

امانت کو مستحقین تک پہنچا کر غربت میں کمی لانے کی بھرپور کوشش کروں گا، ڈسٹرکٹ زکوٰۃ چیئرمین جعفرآباد

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) ڈسٹرکٹ زکوٰۃ چیئرمین جعفرآباد سکندر سلطان القادری نے کہا ہے کہ زکوٰۃ کی منصفانہ اور شفاف تقسیم اولین ترجیحات میں شامل ہے امانت کو مستحقین تک پہنچا کر غربت میں کمی لانے کی بھرپور کوشش کروں گا گزشتہ روز انہوں نے ضلعی زکوٰۃ دفتر پہنچ کر اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا جماعت الصالحین پاکستان کے سربراہ پیر خالد سلطان القادری سمیت دیگر عمائدین نے سکندر سلطان کو روایتی

بقیہ نمبر47 صفحہ3 پر

اوستہ محمد میں صفائی کا انتظام ابتر، شہر گندگی کے ڈھیر میں تبدیل، گلی کوچے میں نالیوں کا پانی سمندر کا منظر پیش کرنے لگا

اوستہ محمد (آن لائن) اوستہ محمد میں صفائی کا انتظام ابتر، شہر گندگی کے ڈھیر میں تبدیل گلی کوچے میں نالیوں کا پانی سمندر کا منظر پیش کرنے لگا، ناقص صفائی کی وجہ سے وبائی بیماریاں پھیل رہی ہیں کوئی پرسان حال نہیں تفصیلات کے مطابق گنجان آبادی والا اور صنعتی شہر

بقیہ نمبر48 صفحہ3 پر

مچھ میں بے گناہ کانکنوں کی بے دردی قتل کا پرزور مذمت کرتی ہے، مولانا علی محمد ابوتراب

بیگناہ انسانوں کا قتل اسلام اور انسانیت کے سراسر خلاف ہے اس قسم کے واقعات سے پاکستان کی پوری دنیا میں سبکی اور بدنامی ہوتی ہے بیان

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی جمعیت اہلحدیث بلوچستان کے امیر سیکرٹری جنرل متحدہ مجلس عمل مولانا علی محمد ابوتراب سیکرٹری جنرل جماعت مولانا عبدالحق ضامرانی صوبائی نائب امرا مولانا عبدالرزاق خارانی مولانا عصمت اللہ سالم صوبائی رہنما مفتی سمیع اللہ حاجی

بقیہ نمبر51 صفحہ3 پر

لیاری میں پانی کا بحران شدت اختیار کر گیا، پانی کے ستائے عوام ڈپٹی کمشنر لسبیلہ آفس پہنچ گئے

سب تحصیل لیاری میں گزشتہ ایک ماہ سے پانی کی بندش نے عوام کو مشکلات میں ڈال دیا

اوتھل (آن لائن) لیاری میں پانی کا بحران شدت اختیار کر گیا، پانی کے ستائے عوام ڈپٹی کمشنر لسبیلہ آفس پہنچ گئے۔ بلوچستان عوامی پارٹی کے سینئر رہنما قبائلی شخصیت سردار عبدالرشید پھوراٹی کی قیادت میں ڈپٹی کمشنر لسبیلہ ڈاکٹر حسن وقار چیمہ سے ملاقات۔ ڈپٹی

بقیہ نمبر52 صفحہ3 پر

کراچی: صدر رنگل چوک میں ہوم دسترخواں میں کم آمدنی والے مستحق شہری کھانا کھا رہے ہیں

مذہبی منافرت پھیلانے کیلئے بھارتی ایجنسی را کی سازشوں کو کامیاب ہونے نہیں دینگے، سربراہ پاکستان سنی تحریک

عوام اپنی صفوں میں اتحاد ویکجہتی کو فروغ قلم وشعور کی طاقت سے بھارتی سازشوں کو ناکام بنا دیں، ثروت اعجاز قادری

کراچی (این این آئی) سربراہ پاکستان سنی تحریک محمد ثروت اعجاز قادری نے کہا کہ مذہبی منافرت پھیلانے کیلئے بھارتی ایجنسی را کی سازشوں کو کامیاب ہونے نہیں دینگے، عوام اپنی صفوں میں اتحاد ویکجہتی کو فروغ قلم وشعور کی طاقت سے بھارتی سازشوں کو ناکام بنا دیں، فرقہ واریت ملک کے لئے زہر قاتل ہے۔ حملہ اسلام اور پاکستان کو بدنام کرنے کی سازش تھا، پاک فوج اور عوام نے مل کر دہشتگردی کو شکست دی ہے، سی پیک کو متاثر کرنے کیلئے مچھ میں دہشتگردی کی گئی، مچھ میں دہشتگردی کے واقعے کی شدید مذمت اور جاں بحق ہونیوالوں کے ورثا سے افسوس واظہار یکجہتی کرتے ہیں، بھارت را کے ذریعے دہشتگردی کو فروغ دے رہا ہے۔

وزیر اعظم سے یاسمین راشد کی ملاقات، پنجاب میں ہیلتھ کارڈ کے اجراء پر پیشرفت سے آگاہ کیا

سستی بنیادی صحت کی سہولیات کی ہر شہری تک رسائی حکومت کی اولین ترجیح ہے، وزیراعظم عمران خان

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان سے صوبائی وزیر صحت پنجاب ڈاکٹر یاسمین راشد نے ملاقات کی جس میں پنجاب میں ہیلتھ کارڈ کے اجراء پر پیش رفت سے آگاہ کیا۔ پیر کو ہونے والی ملاقات میں معاون خصوصی برائے صحت ڈاکٹر فیصل سلطان بھی شریک ہوئے۔ ڈاکٹر یاسمین راشد نے وزیراعظم کو پورے پنجاب کے دو کروڑ بائیس لاکھ خاندانوں کو ہیلتھ

بقیہ نمبر57 صفحہ3 پر

بلوچستان میں پے درپے واقعات تشویشناک، حکومتی رٹ کا نام ونشان نہیں، عبدالغفور حیدری

اسلام آباد میں سرکار، وزیراعظم اور وزیر داخلہ کے ناک کے نیچے نوجوان کا قتل کا واقعہ جس سے انسانیت بھی شرما جائے

جب ہم حکومتی کمزوریوں کی نشاندہی کرتے ہیں تو پھر لوگ پی ڈی ایم پر چڑھائی کرتے ہیں، جمعیت علماء اسلام سینیٹر

بولان: بارڈر ملٹری پولیس کی بڑی کارروائی۔ بلوچستان سے پنجاب سمگلنگ کی جانے والی منشیات برآمد ملزمان

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل وسینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا ہے کہ بلوچستان میں پے درپے واقعات تشویشناک حکومتی رٹ کا نام ونشان نہیں، اسلام آباد میں سرکار، وزیراعظم اور وزیر داخلہ کے ناک کے نیچے نوجوان کا قتل کا واقعہ جس سے انسانیت بھی شرما جائے، جب ہم حکومتی کمزوریوں کی نشاندہی کرتے ہیں تو پھر لوگ پی ڈی ایم پر چڑھائی کرتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایوان بالا میں اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ جمعیت علماء اسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل وسینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا کہ بلوچستان میں پے درپے واقعات ہرنائی میں فورسز کر رہیں، بلوچ اور مچھ میں ہزارہ برادری اور وندر میں تبلیغی جماعت کے ساتھ پیش آنے والے

بقیہ نمبر39 صفحہ3 پر

حلقہ انتخاب کے عوام کو تمام تر سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہیں، سردار اقوام ڈومکی

پورے حلقہ انتخاب کے عوام ہمیں عزیز ہیں حلقہ انتخاب میں متعدد اہم عوامی منصوبوں پر کام جاری ہے

عوام کی بلا رنگ ونسل خدمت کرنا عبادت سمجھتے ہیں اپنے عوام کو کسی کے رحم وکرم پر نہیں چھوڑیں گے بیان

بھاگ (آن لائن) حلقہ انتخاب کے عوام کو تمام تر سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہیں پورے حلقہ انتخاب کے عوام ہمیں عزیز ہیں حلقہ انتخاب میں متعدد اہم عوامی منصوبوں پر کام جاری ہے جس سے عوام مستفید ہوں گے عوام کی بلا رنگ ونسل خدمت کرنا عبادت سمجھتے ہیں اپنے عوام کو کسی کے رحم وکرم پر نہیں چھوڑیں گے حلقہ انتخاب میں تمام تر سہولیات کی فراہمی کیلئے اپنے تمام تر وسائل کو خرچ کریں گے عوام نے جس اعتماد اور امید کیساتھ ہمیں منتخب کیا ہے اپنے عوام کو ہرگز مایوس نہیں کریں گے ان

بقیہ نمبر50 صفحہ3 پر

خواتین اساتذہ کی بارہ روزہ تربیتی پروگرام کا اختتامی تقریب گورنمنٹ گرلز ہائی سکول نوشکی میں منعقد ہوئی

نوشکی (آن لائن) خواتین اساتذہ کی بارہ روزہ تربیتی پروگرام کا اختتامی تقریب گورنمنٹ گرلز ہائی سکول نوشکی میں منعقد ہوئی۔ جس کی مہمان خاص ڈی ای او فی میل کوثر پروین تھی۔ جبکہ دیگر مہمانوں میں جی ٹی اے نوشکی کے سینئر نائب صدر اللہ گل اور آرگنائزر شائستہ خان شریک تھے۔ ماسٹر ٹرینرز محمد اقبال اور شہناز نثار بھی

بقیہ نمبر49 صفحہ3 پر

بلوچستان میں کاروباری واقتصادی سرگرمیوں میں اضافہ ہو رہا ہے، فرمان زرکون

بلوچستان کے طول وعرض میں بے شمار پوشیدہ وسائل موجود ہیں اسکے علاوہ جغرافیائی طور پر بھی بلوچستان کی ایک اہمیت ہے

بڑی تعداد میں ملکی وغیر ملکی سرمایہ کار یہاں سرمایہ کاری کرنے کیلئے تیار ہیں، بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے چیف ایگزیکٹو

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے چیف ایگزیکٹو فرمان زرکون نے کہا ہے کہ بلوچستان میں کاروباری واقتصادی سرگرمیوں میں اضافہ ہو رہا ہے، بڑی تعداد میں ملکی وغیر ملکی سرمایہ کار یہاں سرمایہ کاری کرنے کیلئے تیار ہیں، اسلام آباد میں تاجروں کے ایک وفد سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے طول وعرض میں بے شمار پوشیدہ وسائل موجود ہیں اسکے علاوہ جغرافیائی طور پر بھی بلوچستان کی ایک اہمیت

بقیہ نمبر40 صفحہ3 پر

کراچی: رکن سندھ اسمبلی وصدر پی ٹی آئی کراچی خرم شیر زمان اپنے حلقے کے علاقے گلشن بلاک ون کا دورہ کر رہے ہیں

بلوچستان ٹینس ایسوسی ایشن کے تعاون سے آل بلوچستان ڈی جی اسپورٹس ٹینس ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ٹینس ایسوسی ایشن کے تعاون سے آل بلوچستان ڈی جی اسپورٹس ٹینس ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا گیا۔ ٹورنامنٹ میں مینز، گرلز، بوائز انڈر ٹن (10) کٹیگری میں مقابلے ہوئے ٹورنامنٹ حکومت کی جاری کردہ ایس او پیز برائے کورونا کو ملحوظ خا

بقیہ نمبر53 صفحہ3 پر

ممتاز قبائلی سیاسی وسماجی رہنما سابق چیئرمین میونسپل کمیٹی ژوب محمد ابراہیم شیرانی عرف گل لالا انتقال کر گئے

شیرانی (این این آئی) ممتاز قبائلی سیاسی وسماجی رہنما سابق چیئرمین میونسپل کمیٹی ژوب محمد ابراہیم شیرانی عرف گل لالا انتقال کر گئے مرحوم ملک حاجی نواب خان کے بیٹے سردار خان خداداد و شیخ خان محمد خان فضل الہی اور جمعہ خان کے بھائی ملک حاجی شریف خان مرحوم

بقیہ نمبر58 صفحہ3 پر

حقیقی تبدیلی کا راز تعلیم کے شعبے کو جدید سہولیات سے آراستہ کرنے میں ہی پوشیدہ ہے، اسد قیصر

خیبرپختونخوا میں اعلی تعلیم کی جدید تقاضوں سے بہتری اور فروغ کے لئے تمام تر وسائل کو بروئے کار لا رہے ہیں، کامران بنگش

پشاور (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے کہا کہ حقیقی تبدیلی کا راز ملک میں تعلیم کو جدید سہولیات سے آراستہ کرنے میں ہی پوشیدہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم عمران خان کے وژن کے مطابق صوبہ خیبرپختونخوا میں تعلیم کے فروغ کے لیے اسکولز، کالجز اور یونیورسٹیوں کو جدید اور پیشہ ورانہ تعلیم سے آراستہ کر کے ملک میں تعلیم کے شعبے میں انقلاب لایا جا سکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کے روز وزیر اعلی خیبر پختونخوا کے معاون خصوصی برائے اعلی تعلیم و اطلاعات کامران بنگش سے ہونے والی ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ملاقات میں معاون خصوصی نے اسپیکر قومی اسمبلی کو خیبر پختونخوا میں اعلی تعلیم کے فروغ سے متعلق اٹھائے گئے اقدامات سے آگاہ کیا۔

خضدار کے صحافیوں کی قربانیاں قابل فخر ہیں سیاسی جماعتوں اور عام طبقات میں اتحاد واتفاق اور یکجہتی کے لئے مثالی کردار ادا کیا ہے، یاسر بلوچ

خضدار (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی (عوامی) کے سینئر رہنما چیف یاسر بلوچ نے خضدار پریس کلب کے چیئرمین عبداللہ شاہوانی، صدر منیر احمد گرگناڑی، جنرل سیکرٹری مولانا محمد صدیق مینگل سمیت پوری کابینہ کو مبارکباد پیش کی اور اس بات پر خوشی کا اظہار کیا کہ تمام عہدیدار بلا مقابلہ منتخب ہو گئے۔ انہوں نے کہا کہ خضدار کے صحافیوں کی قربانیاں قابل فخر ہیں اور انہوں نے یہاں کی سیاسی جماعتوں اور عام طبقات میں اتحاد واتفاق اور یکجہتی کے لئے مثالی کردار ادا کیا ہے امید ہے کہ آئندہ بھی وہ اسی طرح کا بہترین کردار ادا کرتے رہیں گے۔

سی پیک کی تکمیل کے تناظر میں استعداد بڑھانا ہوگی، اینڈرائیڈ موبائل کی ٹیکنالوجی کیلئے کام کیا جائے، خوشحال خان

پاکستان میں بہت جلد فیچر موبائل کی جگہ اینڈرائیڈ موبائل لے لے گا، مقامی سطح پر اینڈرائیڈ موبائل کی تیاری کی طرف توجہ مرکوز کی جائے

لاہور (این این آئی) چین پاکستان اقتصادی راہداری کے تحت تمام منصوبے مکمل ہونے کے بعد پاکستان میں فیچر موبائل کا استعمال نہ ہونے کے برابر رہ جائے گا اور اس کی جگہ اینڈرائیڈ موبائل لے لے گا، حکومت کو سی پیک کی تکمیل کے تناظر میں اپنی استعداد بڑھانا ہوگی ہمیں مقامی سطح پر اینڈرائیڈ موبائل کی تیاری کی طرف بھرپور توجہ مرکوز کرنی چاہیے اور اس کیلئے چین سمیت دیگر ممالک سے ٹیکنالوجی کے حصول کیلئے بات کی جائے۔ ان خیالات کا اظہار ای ٹی ٹیکنی کے ڈائریکٹر خوشحال خان (کے کے) نے فیچر موبائل اسمبلنگ کرنے والی انڈسٹری کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔

کوئٹہ: بلوچستان کسٹم انٹیلی جنس اور ایف سی بلوچستان کی مشترکہ چھاپوں کے دوران پکڑے جانے والے چھالیہ، کپڑا، ٹائر اور دیگر اشیاء

پنجاب وائی فائی منصوبہ بند نہیں کیا گیا' چیئرمین پنجاب آئی ٹی بورڈ اظفر منظور

عوامی مقامات پر مفت انٹرنیٹ کی فراہمی بدستور جاری ہے' چیئرمین پی آئی ٹی بی کی وضاحت

لاہور (این این آئی) چیئرمین پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ اظفر منظور نے کہا ہے کہ پنجاب وائی فائی منصوبہ بند نہیں کیا گیا' پنجاب میں اب بھی مفت انٹرنیٹ کی فراہمی جاری ہے جن میں ہسپتال' تعلیمی ادارے' پارک' عوامی مقامات' سرکاری دفاتر اور

بقیہ نمبر62 صفحہ3 پر

کوئٹہ کی سرد ہوائیں چلنے سے وادی بولان میں سردی کی شدت میں اضافہ

سانگھڑ (این این آئی) کوئٹہ کی سرد ہوائیں چلنے سے جہاں وادی بولان میں سردی کی شدت میں اضافہ ہوا ہے وہاں سانگھڑ اور اس کے گرد ونواح میں سردی

بقیہ نمبر61 صفحہ3 پر

لوگوں کو کھوکھلے نعروں کا لالی پاپ دیتے رہے' فردوس عاشق اعوان

الگ صوبہ بنانا تو دور، یہ لوگ جنوبی پنجاب کے فنڈ بھی چوری کرتے رہے، معاون خصوصی اطلاعات پنجاب

لاہور (این این آئی) وزیر اعلی پنجاب کی معاون خصوصی اطلاعات ڈاکٹر فردوس عاشق اعوان نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی نے جنوبی پنجاب کے عوام کے حقوق پر ڈاکہ ڈالا اور اپنے دور میں الگ صوبہ بنانا تو دور، یہ لوگ جنوبی پنجاب کے فنڈ بھی چوری کرتے رہے۔ سابق حکمران اپنے دور میں جنوبی پنجاب کے لوگوں کو کھوکھلے نعروں کا لالی پاپ دیتے رہے اور آج

بقیہ نمبر60 صفحہ3 پر

ایک بار پھر تواتر کے ساتھ ہزارہ برادری کو نشانہ بنایا جا رہا ہے، جہانزیب جمالدینی

بے بس اور غریب ہزارہ دو وقت کی روٹی کیلئے مچھ میں شدید سردی میں محنت مزدوری کرتے ہیں

حکومت کے درجن بھر وزراء ٹی وی پر بیٹھ کر متاثرین سے ہمدردی کا اظہار کرنے سے قاصر ہیں، سینیٹر

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل وسینیٹر ڈاکٹر جہانزیب جمالدینی نے کہا ہے کہ عوام کی جان ومال کا تحفظ حکومت کی آئینی ذمہ داری، ایک بار پھر تواتر کے ساتھ ہزارہ برادری کو نشانہ بنایا جا رہا ہے، بے بس اور غریب ہزارہ دو وقت کی روٹی کیلئے مچھ میں شدید سردی میں محنت مزدوری کرتے ہیں جبکہ حکومت کے درجن بھر وزراء ٹی وی پر بیٹھ کر متاثرین سے ہمدردی کا اظہار کرنے سے قاصر ہیں

بقیہ نمبر42 صفحہ3 پر

پشاور: وزیر اعلی خیبر پختونخوا کے معاون خصوصی برائے معدنیات عارف احمد زئی محکمہ معدنیات کی جائزہ کارکردگی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسد قیصر سے صوبائی وزیر کامران بنگش سے ملاقات، خیبر پختونخوا میں اعلی تعلیم سے متعلق آگاہ کیا

اسد قیصر کی صوبائی وزیر کو صوبہ کے تعلیمی اداروں کو سی پیک کے متعلقہ اداروں سے منسلک کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر سے وزیر ہائیر ایجوکیشن خیبر پختونخوا کامران بنگش نے ملاقات کی جس میں خیبر پختونخوا میں اعلی تعلیم سے متعلق آگاہ کیا گیا۔ پیر کو ہونے والی ملاقات میں اسپیکر قومی اسمبلی نے صوبائی وزیر کو صوبہ کے تعلیمی اداروں کو سی پیک کے متعلقہ اداروں سے منسلک کرنے کی ہدایت کی ہے۔ اسد قیصر نے کہا کہ سی پیک کے تحت تعلیم کے شعبہ

بقیہ نمبر63 صفحہ3 پر

پاکستان کے 22 کروڑ عوام کو دہشت گردوں کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا گیا ہے، آغا محمد رضا

حکومت بلوچستان فوری طور پر مستعفی ہو جائے، مچھ کے اندوہناک واقعہ کے بعد کسی ایک حکومتی رکن نے بھی رابطہ نہیں کیا، مجلس وحدت مسلمین

کوئٹہ (این این آئی) مجلس وحدت مسلمین کے رہنما و سابق رکن صوبائی اسمبلی آغا محمد رضا نے کہا ہے کہ پاکستان کے 22 کروڑ عوام کو دہشت گردوں کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا گیا ہے، قاتلوں کی سرپرستی کرنے والوں کا خاتمہ ضروری ہے، مچھ واقعہ کے بعد حکومت بلوچستان کورنٹائن میں چلی گئی ہے، یہ بات انہوں نے پیر کو مغربی بائی پاس پر علامہ ہاشم موسوی اور مچھ واقعہ میں جاں بحق

بقیہ نمبر64 صفحہ3 پر

عوام کی فلاح وبہبود اور ترقی کا واحد راستہ جمہوریت ہے، میر عبدالخالق بلوچ

موجودہ سلیکٹڈ حکومت نے ملک کو ترقی کے بجائے سیاسی معاشی سماجی اور معاشرتی طور پر مفلوج اور تباہ کر دیا ہے بیان

واشک (این این آئی) نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر میر عبدالخالق بلوچ نے کہا کہ عوام کی فلاح وبہبود اور ترقی کا واحد راستہ جمہوریت ہے۔ موجودہ سلیکٹڈ حکومت نے ملک کو ترقی کے بجائے سیاسی معاشی سماجی اور معاشرتی طور پر مفلوج اور تباہ کر دیا ہے۔ جمہوری عمل اور انتخابات پر اثر انداز ہونے کی پالیسی کو ترک کرنا ہوگا۔ اور بلوچستان سمیت قومی وحدتوں اور قوموں کی

بقیہ نمبر67 صفحہ3 پر